CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار۔ باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد نمبر 18 | ہفتہ 19 جولائی 2025ء 23 محرم الحرام 1447ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ 199

پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام، 5 مبینہ خودکش حملہ آور گرفتار

17 جولائی کی شام 5 بجے خوارج نے پاک افغان سرحد سے پاکستانی حدود میں داخل ہونے کی کوشش کی، سکیورٹی فورسز نے اطلاع ملتے ہی پانچ مختلف مقامات پر ناکہ بندی کی

فورسز نے پانچ مختلف مقامات پر ناکہ بندی کی اور خوارج کو میسی خیل کی مسجد میں پناہ لیتے ہوئے گھیر لیا، بہترین حکمت عملی کے باعث فورسز نے مسجد کا فوری محاصرہ کیا، جس کے بعد دہشت گردوں نے ہتھیار ڈال دیئے

تین ملزمان کے پاس افغان شناختی کارڈ بھی موجود ہیں، تمام خوارج کو تفتیش کیلئے نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے، سکیورٹی فورسز کا علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے

راولپنڈی: (آئی پی ایس) سکیورٹی فورسز نے پاک افغان سرحد پر خوارج کی دراندازی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 5 مبینہ خودکش حملہ آور گرفتار کر لئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق 17 جولائی کی شام 5 بجے خوارج نے پاک افغان سرحد سے پاکستانی حدود میں داخل ہونے کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

قبائلی عوام نے ہمیشہ ملکی سرحدوں کی بغیر تنخواہ کے حفاظت کی ہے، فیصل کریم کنڈی

اضلاع سمیت صوبے میں امن وامان کی حالت تشویشناک ہے، باہر سے کوئی نہیں آئیگا

اسلام آباد/پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ قبائلی عوام نے ہمیشہ ملکی سرحدوں کی بغیر تنخواہ کے حفاظت کی ہے، ضم اضلاع سمیت صوبے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

الیکٹرک وہیکلز کے فروغ کیلئے وزیراعظم کے بڑے فیصلے

ملک بھر کے بورڈز کے ٹاپرز کو الیکٹرک بائیک فراہم کرے گی، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں الیکٹرک وہیکلز کے فروغ کیلئے وزیراعظم شہباز شریف نے بڑے فیصلے کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت ترجیحی بنیادوں پر روزگار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

انتخابات: علی امین سے مذاکرات ناکام

سینیٹ

ناراض پی ٹی آئی امیدواروں کا دستبردار نہ ہونے کا فیصلہ

اپوزیشن کے معاہدے کے خلاف پی ٹی آئی کے ناراض امیدواروں نے دست بردار ہونے سے انکار کر دیا اور وزیراعلیٰ سے مذاکرات بھی ناکام ہو گئے، پی ٹی آئی کارکنوں نے وزیراعلیٰ ہاؤس کے گھیراؤ کی دھمکی دے دی

کے پی میں پی ٹی آئی کے سینیٹ کے امیدوار عرفان سلیم، عائشہ بانو، خرم ذیشان، ارشاد حسین اور وقاص اورکزئی سخت نارض ہیں اور اسے پارٹی کے نظریے کے خلاف قرار دے دیا

پی ٹی آئی کے امیدواروں کے دست بردار ہونے سے انکار کے سبب سینیٹ الیکشن میں بے یقینی کی صورتحال پیدا ہو گئی، حکومت اور اپوزیشن کے درمیان امیدواروں کو بلا مقابلہ منتخب کرانے کے فارمولے کا اعلان بھی نہیں ہو سکا

پشاور (آئی پی ایس) سینیٹ الیکشن میں حکومت اور اپوزیشن کے معاہدے کے خلاف پی ٹی آئی کے ناراض امیدواروں نے دست بردار ہونے سے انکار کر دیا اور وزیراعلیٰ سے مذاکرات بھی ناکام ہو گئے، پی ٹی آئی کارکنوں نے وزیراعلیٰ ہاؤس کے گھیراؤ کی دھمکی دے دی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا امریکی وزیر تجارت اور ریاستہائے متحدہ کے تجارتی نمائندے کے ساتھ فوٹو

تین بھارت کا پروپیگنڈے کا ٹریک ریکارڈ، پاکستان نے لشکر طیبہ کو ختم کر دیا: دفتر خارجہ

پاکستان میں کالعدم تنظیم لشکر طیبہ سے کسی بھی قسم کا تعلق زمینی حقائق کے منافی ہے، دفتر خارجہ

بھارت کے پاس پاکستان مخالف پروپیگنڈے کے لیے ایسی معاملات سے فائدہ اٹھانے کا ٹریک ریکارڈ موجود ہے

اسلام آباد (آئی پی ایس) دفتر خارجہ کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا کہ پاکستان ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرتا ہے، زیرو ٹالرنس اور دہشت گردی کے خلاف بین الاقوامی تعاون ہماری پالیسی کی بنیاد ہے، پاکستان کالشکرِ طیبہ سے تعلق زمینی حقائق کے منافی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

مون سون کے ابھی 4 سے 5 اسپیل آنے باقی ہیں، مصدق ملک

اگلے برسوں سے مون سون سیزن جلد آئے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک نے پاکستان میں ہونے والی موسمیاتی تبدیلیوں اور اس کی بڑھتی ہوئی سنگینی سے متعلق ہوشربا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد ہائی کورٹ کی 4 ججز پر مشتمل نئی انتظامی کمیٹی تشکیل، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کی 4 ججز پر مشتمل نئی انتظامی کمیٹی تشکیل دے دی گئی، جس کا نوٹیفکیشن جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ڈاکٹر مصدق ملک کی گرین اسٹارٹ اپس سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی، ڈاکٹر مصدق ملک نے وزارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

وفاقی حکومت کا افغان پی او آر کارڈ ہولڈرز کو توسیع نہ دینے کا فیصلہ

غیر قانونی ہاسنگ سوسائٹیوں کے خلاف بڑے آپریشن کی تیاری کر رہے ہیں

وزارت داخلہ میں مسلح اداروں کے معاملات چلانے کے لیے افسر کی تعیناتی زیر غور ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ حکومت نے افغان پی او آر کارڈز ہولڈرز کو توسیع نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے، وزارت داخلہ میں مسلح اداروں کے معاملات چلانے کے لیے افسر کی تعیناتی زیر غور ہے، غیر قانونی ہاسنگ سوسائٹیوں کے خلاف بڑے آپریشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

وزیر تجارت جام کمال خان کی لندن میں اعلیٰ سطح کی ملاقاتیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے لندن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اسلام آباد میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پاکستان معاشی بحران میں ڈوبا ہوا ہے، مولانا فضل الرحمن

عام آدمی کی زندگی میں تبدیلی لائے بغیر بہتری ممکن نہیں

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ ہمسایہ ممالک ترقی کر رہے ہیں، پاکستان معاشی بحران میں ڈوبا ہوا ہے، عام آدمی کی زندگی میں تبدیلی لائے بغیر بہتری ممکن نہیں، پاکستان کو اسلامی جمہوری ریاست بنانے کی جدوجہد جاری رکھیں گے، یہ وطن اسلام کے نام پر حاصل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

محسن نقوی کا کانسٹیبل حیدر علی کو خراجِ عقیدت

قوم شہید کانسٹیبل کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھے گی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے جہلم میں سیلاب متاثرین کو ریسکیو کرتے ہوئے ریلے میں بہہ جانے والے پولیس کانسٹیبل حیدر علی کی قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پنجاب پولیس کے کانسٹیبل حیدر علی نے دوسروں کی زندگیاں بچاتے ہوئے اپنی جان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

کانسٹیبل حیدر علی (شہید) قوم کا فخر ہے، سپیکر قومی اسمبلی

شہید حیدر علی کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

اسلام آباد (پارلیمانی رپورٹر) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے جہلم میں حالیہ سیلاب کے دوران ریسکیو آپریشن میں حصہ لیتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے کانسٹیبل حیدر علی کے جانی نقصان پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اسپیکر نے کہا کہ کانسٹیبل حیدر علی نے انسانی جانیں بچانے کے لیے اپنی جان کا نذرانہ دے کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

چالیس ہزار کا بیان غلط تاثر نہیں تھا: سردار یوسف

ڈیجیٹل رجسٹری میں پرانا ریکارڈ منتقل ہونا باقی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ زائرین کے حوالے سے دیے گئے چالیس ہزار کا حوالہ محض کاغذی ریکارڈ کے مسئلے کی وضاحت کے لیے تھا، اور اس کا مقصد ہرگز یہ تاثر دینا نہیں تھا کہ ہزاروں پاکستانی بیرونِ ملک لاپتا ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ اصل مسئلہ یہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

غلطی انسانی فطرت ہے جج سے بھی ہو سکتی، بدنیتی ثابت کرنا الزام ہے

سپریم کورٹ

انسداد دہشت گردی عدالت کراچی کے جج ذاکر حسین نے سندھ ہائیکورٹ کے فیصلہ اور ریمارکس کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا

سپریم کورٹ نے جونیئر جج کے خلاف ہائیکورٹ ججز کے سخت ریمارکس خارج کر دیے، پٹیشنر جج کا انتظامی عہدہ بحال نہیں کیا گیا کیونکہ نیا جج مقرر ہو چکا تھا

اسلام آباد: (آئی پی ایس) سپریم کورٹ نے سندھ ہائیکورٹ کے انسداد دہشت گردی عدالت کے جج کے متعلق سخت ریمارکس خارج کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ جونیئر ججز پر سخت ریمارکس سے پہلے تحقیق اور احتیاط لازم ہے، غلطی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

فیصل کریم کنڈی سے ایچ بی ایل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی ملاقات

اسلام آباد/پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے حبیب بینک لمیٹڈ (HBL) کے صدر و چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد ناصر سلیم نے جمعہ کے روز گورنر ہاؤس پشاور میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ایریا منیجر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

شیری رحمان کی مستونگ میں پولیس قافلے پر دہشتگرد حملے کی مذمت

دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے بہادر قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، نائب صدر پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے مستونگ میں پولیس قافلے پر دہشتگرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے بہادر قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔ اپنے بیان میں شیری رحمن نے کہا کہ حملے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

پاکستان سیاحت کیلئے خوبصورت اور بہترین ملک ہے، حافظ طاہر اشرفی

چیئرمین پاکستان علماء کونسل کی انٹرنیشنل ریلیجیس ٹورازم فورم کے زیر اہتمام عالمی نمائش کے اختتام پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سیاحت اور سرمایہ کاری کیلئے خوبصورت اور بہترین ملک ہے، برادر اسلامی ممالک اور عرب دنیا کے دوستوں کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ پاکستان میں سیاحت کیلئے اور سرمایہ کاری کیلئے آئیں، پاکستان کئی مختلف مذاہب اور مسالک کے ماننے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے سیکرٹری داخلہ پنجاب احمد جاوید قاضی گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں۔

ٹڈاپ میگا کرپشن سکینڈل: یوسف رضا گیلانی تمام مقدمات سے بری

ملزم کے اکاؤنٹس میں تو رقم آئی ہی نہیں، بارہ سال سے ملزمان دعائیں کر کر کے تھک گئے، کیس کے وعدہ معاف گواہ کو ملزم بنا دیا گیا

ٹڈاپ میگا کرپشن کیسز کی سماعت ہوئی، عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے یوسف رضا گیلانی کو 14 مقدمات میں بری کیا

کراچی: (آئی پی ایس) وفاقی اینٹی کرپشن عدالت نے ٹڈاپ میگا کرپشن سکینڈل میں چیئرمین سینیٹ اور سابق وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کو تمام مقدمات سے بری کر دیا۔ وفاقی اینٹی کرپشن کورٹ میں ٹڈاپ میگا کرپشن کیسز کی سماعت ہوئی، عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے یوسف رضا گیلانی کو 14 مقدمات میں بری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

میڈیکل کالجوں کی سالانہ فیس 18 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے، وزیر صحت

زیادہ فیس لینے والے میڈیکل کالجز زائد رقم واپس کریں گے، وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کو بتایا گیا ہے کہ میڈیکل کالجوں کی سالانہ فیس 18 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے، اس سے زیادہ فیس لینے والے میڈیکل کالجز زائد رقم واپس کریں گے یا پھر آئندہ سال میں ایڈجسٹ کرنے کے پابند ہوں گے۔ جمعہ کو ایوان بالا میں وقفہ سوالات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

تاریخ پر تاریخ رقم! پاکستان سٹاک مارکیٹ نے ایک اور سنگ میل عبور کر لیا

ہنڈرڈ انڈیکس 1900 سے زائد پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ ایک لاکھ 40 ہزار 585 پوائنٹس کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا

کاروباری ہفتے کے پانچویں اور آخری روز سٹاک ایکسچینج میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 40 ہزار پوائنٹس کی حد عبور کر گیا

کراچی: (آئی پی ایس) پاکستان سٹاک مارکیٹ ایک بار پھر تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ کاروباری ہفتے کے پانچویں اور آخری روز سٹاک ایکسچینج میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 40 ہزار پوائنٹس کی حد عبور کر گیا۔ ٹریڈنگ کے دوران پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس 1900 سے زائد پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

حکومت سے مذاکرات کامیاب، تاجروں نے ملک گیر ہڑتال ملتوی کر دی

حکومت نے مطالبات تسلیم کر لیے ہیں، ایف بی آر کو ملے اختیارات فی الحال استعمال نہیں کیے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور تاجروں کے درمیان مذاکرات کامیاب ہو گئے جس کے بعد تاجر برادری نے ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال ملتوی کر دی، تاجروں نے کہا ہے کہ حکومت نے مطالبات مان لئے، ایف بی آر کو ملے اختیارات فی الحال استعمال نہیں کیے جائیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

سابق حکومت کے غیر ذمہ دارانہ بیانات نے پی آئی اے کو اربوں کا نقصان پہنچایا

عطا اللہ تارڑ

شالیمار ریکارڈنگ اینڈ براڈ کاسٹنگ کارپوریشن کے ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی پر عدالت کے مشکور ہیں، کافی عرصے سے کمپنی کی بندش کا عمل چل رہا ہے

سابقہ سیاسی حکومت کے ایک غیر ذمہ دارانہ بیان کی وجہ سے پی آئی اے پر بین الاقوامی پابندیاں عائد ہوئیں، خوشی ہے کہ ہماری حکومت کے دوران یہ پابندیاں ختم ہوئیں

اسلام آباد: (آئی پی ایس) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سابق حکومت کے غیر ذمہ دارانہ بیانات نے قومی ایئر لائنز (پی آئی اے) کو اربوں کا نقصان پہنچایا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ شالیمار ریکارڈنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

پی آئی اے پر پابندیاں لگوانے والوں کا احتساب ہوگا، خواجہ آصف

200 ارب روپوں کا نقصان ہوا، ساکھ بھی برباد ہوئی، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پی آئی اے کی پروازوں پر پابندیاں لگوانے والوں کا احتساب ہوگا، ریاست کے خلاف اس جرم کے مرتکب سزا سے نہیں بچیں گے۔ پی آئی اے کی پروازوں پر عائد پابندیوں کے خاتمے پر خواجہ آصف نے سماجی رابطے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

عدم ادائیگیوں کے سبب موزمبیق میں پاکستانی بحری جہاز ضبط، عملہ گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی بحری جہاز کے عملے کو عدم ادائیگیوں کے سبب موزمبیق میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ جہاز کو ضبط کر لیا گیا۔ افریقی ملک موزمبیق کے بیرا پورٹ پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

محمد علی درانی کی روس کے ٹریڈ ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ ڈینس نیوزرو سے ملاقات

پاکستان اور روس کے درمیان عوامی سطح پر روابط بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر اور سینئر سیاستدان محمد علی درانی نے پاکستان میں روس کے ٹریڈ ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ ڈینس نیوزرو سے ملاقات کی جس میں محمد علی درانی نے روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن کے لیے پاکستان کے عوام کی جانب سے نیک تمناؤں کا اظہار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے پاکستان میں تعینات بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر اقبال حسین خان ملاقات کر رہے ہیں سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب بھی موجود ہیں۔

لیبیا کی مسلح افواج کے کمانڈر ان چیف لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ حفتر ایڈمرل نوید اشرف سے ملاقات کر رہے ہیں۔

لیفٹیننٹ جنرل صدام حفتر کی ایڈمرل نوید اشرف سے ملاقات

نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں پرتپاک استقبال، دفاعی تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) لیبیا کی مسلح افواج کے کمانڈر انچیف لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ حفتر نے نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف سے ملاقات کی۔ نیول ہیڈ کوارٹرز پہنچنے پر لیبیا کی مسلح افواج کے کمانڈر انچیف کا سربراہ پاک بحریہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب امریکا میں تجارتی معاہدے کیلئے سرگرم

پاکستان چاہتا ہے کہ عائد کیے گئے ٹیرف سے ریلیف حاصل کیا جا سکے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب امریکا میں تجارتی معاہدے کیلئے سرگرم ہو گئے۔ امریکی جریدے نے بتایا کہ محمد اورنگزیب چاہتے ہیں کہ اگست کی ڈیڈ لائن سے قبل واشنگٹن کے مطالبات پر بات چیت کی جا سکے، اس سے پہلے پاکستانی وفد کو امریکا کی جانب سے ایک مفصل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

اٹک: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی مرحوم ملک حامد صفدر خان کے اہل خانہ سے تعزیت کر رہے ہیں۔

خیبر پختونخوا حکومت کا منشیات کیسز میں سزائے موت ختم کرنے کا فیصلہ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے منشیات کیسز میں سزائے موت ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

چینی کمپنیاں پاکستان کے ساتھ زرعی شعبے میں تعاون کی خواہاں

بیجنگ (این این آئی) چینی ایگری ٹیکنالوجی کمپنیاں پاکستان کے زرعی مسائل، خاص طور پر پانی کی قلت اور سیم وتھور کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

پشاور: وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈاپور یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں۔

وادی نیلم میں جیپ حادثے کا شکار 4 افراد جاں بحق

آزاد کشمیر کے علاقے نیلم ویلی میں جیپ کھائی میں گرنے سے میاں بیوی سمیت ایک ہی خاندان کے 4 افراد جاں بحق ہو گئے

مسافر جیپ میں 8 افراد سوار تھے، جن میں سے چار افراد موقع پر جاں بحق ہو گئے، جب کہ دو بچوں سمیت چار افراد زخمی ہوئے

نیلم: (آئی پی ایس) آزاد کشمیر کے علاقے نیلم ویلی میں جیپ کھائی میں گرنے سے میاں بیوی سمیت ایک ہی خاندان کے 4 افراد جاں بحق ہو گئے۔ حادثہ جاگراں سیری سے گوریال جانے والی ایک مسافر جیپ کو پیش آیا، جو سڑک کی خستہ حالی کے باعث بے قابو ہو کر گہری کھائی میں جا گری۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق مسافر جیپ میں 8 افراد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پنجاب اسمبلی میں حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات کامیاب

سپیکر ملک احمد خان نے اپوزیشن کے خلاف درخواستوں پر ریفرنس ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات کامیاب ہو گئے، اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے اپوزیشن کے خلاف درخواستوں پر ریفرنس ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ سپیکر پنجاب اسمبلی کی ہدایات پر اسمبلی حکام نے حکومتی درخواستوں کو معطل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

غیر معمولی بارشوں سے پنجاب کے اضلاع متاثر، متعلقہ ادارے متحرک ہیں: عظمیٰ بخاری

سب سے زیادہ بارشیں پوٹھوہار ریجن کے اضلاع چکوال، جہلم اور راولپنڈی میں ریکارڈ کی گئیں

پاک فوج کے جوانوں نے بھی ریلیف آپریشن میں حصہ لیا اور جہلم میں 64 افراد سمیت درجنوں شہریوں کو کامیابی سے ریسکیو کیا

لاہور: (آئی پی ایس) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ صوبے میں غیر معمولی بارشوں سے سیلابی صورتحال پیدا ہوئی، تمام متعلقہ ادارے متحرک ہیں۔ اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ سب سے زیادہ بارشیں پوٹھوہار ریجن کے اضلاع چکوال، جہلم اور راولپنڈی میں ریکارڈ کی گئیں، پی ڈی ایم اے، ریسکیو 1122، اور ضلعی انتظامیہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

وزیراعظم میرٹ پر بھرتیوں کے لیے پرعزم ہیں، وزیر قانون

تعلیمی معیار پر پورا نہ اترنے والوں کے لیے بھی آسانی پیدا کی جائے گی، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ وزیراعظم میرٹ پر بھرتیوں کے لیے پرعزم ہیں، کوٹے کے مطابق بھرتی کے لئے تعلیمی معیار پر پورا نہ اترنے والوں کے لیے بھی آسانی پیدا کی جائے گی۔ جمعے کو پارلیمنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

اداریہ

آپ کی رائے

برطانیہ کا پاکستان کی ایئر لائینز پر پابندی ہٹانے کا خوش آئند فیصلہ

برطانیہ نے پاکستان کو اپنی ایئر سیفٹی لسٹ سے خارج کر دیا ہے جس کے بعد پاکستانی ایئر لائینز کی برطانیہ کیلئے پروازوں کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ برطانیہ نے پاکستانی ایئر لائینز پر عائد پابندیاں پانچ سال بعد ختم کر دیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاکستان کے برطانیہ کی ایئر سیفٹی لسٹ سے اخراج کے بعد پی آئی اے سمیت پاکستان کی تمام ایئر لائینز اب برطانیہ کیلئے پرواز کر سکیں گی جس کیلئے انہیں برطانوی سول ایوی ایشن اتھارٹی سے اجازت لینا ہو گی۔ برطانوی ایئر سیفٹی کمیٹی نے پاکستان کی جانب سے فضائی حفاظت کے نظام میں بہتری کو تسلیم کرتے ہوئے اس کی ایئر لائینز کو برطانیہ کیلئے پرواز کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا ہے جسے پاکستان کیلئے ایک اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ اس سلسلہ میں پاکستان میں تعینات برطانوی ہائی کمشنر نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ برطانیہ اور پاکستان کے ہوابازی کے ماہرین کی مشترکہ کاوشوں کی شکر گذار ہیں جنہوں نے عالمی حفاظتی معیار پر پورا اترنے کیلئے مسلسل کام کیا۔ ابھی پروازوں کی بحالی میں کچھ وقت لگے گا تاہم وہ منتظر ہیں کہ جلد کسی پاکستانی ایئر لائن سے وہ اپنے دوستوں اور اہلِ خانہ سے ملاقات کیلئے برطانیہ کا سفر کر سکیں۔ برطانوی ایئر سیفٹی کمیٹی نے 2021ء میں پاکستان کو ایئر سیفٹی لسٹ میں شامل کیا تھا جس کے باعث پاکستان کی کوئی بھی ایئر لائن براہ راست برطانیہ پرواز نہیں کر سکتی تھی۔ اس فیصلے سے برطانیہ میں مقیم 16 لاکھ سے زائد پاکستانی نژاد اور پاکستان میں مقیم ہزاروں برطانوی شہری متاثر ہوئے جن کیلئے اب دونوں ممالک کی جانب سفر آسان ہو جائے گا اور خاندانی روابط کو تقویت ملے گی۔ برطانیہ پاکستان کا تیسرا بڑا تجارتی شراکت دار ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تجارت کا حجم 4.7 ارب پاؤنڈ سے زائد ہے۔ اب سفری سہولتوں میں بہتری سے اس دوطرفہ تعلق میں مزید استحکام آئے گا۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ برطانوی ایئر سیفٹی کمیٹی نے سابق وزیر اعظم عمران خاں کے دور حکومت میں ان کی کابینہ کے ایک رکن غلام سرور خاں کے ایک بیان اور اس کی بنیاد پر اٹھائے گئے ان کے اقدامات کی بنیاد پر پاکستان کی ایئر لائینز پر برطانیہ کی جانب پرواز کرنے پر پابندی عائد کی تھی جس سے بیرونی دنیا میں پاکستان کا تشخص بھی مجروح ہوا، پاکستان کی ایئر لائینز کو اربوں روپے کا نقصان بھی اٹھانا پڑا اور ان ایئر لائینز کے مسافروں کو بھی اذیت سے دوچار ہونا پڑا۔ غلام سرور خاں نے، جو اس وقت ہوابازی کے وزیر تھے قومی ایئر لائنز پی آئی اے کے پائیلٹوں پر پھبتی کسی تھی کہ ان کی اکثریت کے پاس ہوابازی کے جعلی لائسنس ہیں۔ انہوں نے صرف اس پر ہی اکتفا نہ کیا بلکہ متعدد پائیلٹوں کو فارغ بھی کرا دیا جس سے دنیا بھر میں پاکستان کی ایئر لائینز کے ذریعے سفر کو غیر محفوظ قرار دیا جانے لگا۔ یہ طرفہ تماشہ ہے کہ پی ٹی آئی کی حکومت کی جانب سے اس کے ایک وزیر کے انتہائی غیر ذمہ دارانہ بیان کا نوٹس تک لینے کی ضرورت محسوس نہ کی گئی جبکہ اس سے قومی ایئر لائینز کی ساکھ بھی بری طرح متاثر ہوئی۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے گذشتہ روز اسی تناظر میں کہا ہے کہ عمران خاں اور ان کے وزیر غلام سرور خاں نے پی آئی اے کو قبرستان بنا دیا تھا۔ قومی ایئر لائن پر پابندی کیوں لگی، اب اس کا تعین کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اب خوش اسلوبی کے ساتھ پی آئی اے پر عائد پابندیاں ہٹ گئی ہیں اور برطانیہ نے پی آئی اے کے علاوہ پاکستان کی ایک نجی ایئر لائن کو بھی پرواز کی اجازت دے دی ہے۔ اب ہماری کوشش ہے کہ نیویارک کیلئے بھی ہماری پروازیں بحال ہو جائیں۔ ان کے بقول سابق وفاقی وزیر غلام سرور خاں نے اپنے ادارے کے خلاف جو جرم کیا وہ قومی جرم تھا اور بانی پی ٹی آئی اس جرم میں برابر کے شریک تھے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے برطانیہ کی جانب سے پاکستان کی پروازوں پر عائد پابندیاں ہٹائے جانے کو خوش آئند اور ایک اہم محاذ پر پاکستان کی فتح قرار دیا ہے۔ انہوں نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پیغام میں کہا کہ الحمدللہ پی آئی اے کی برطانوی فضائی حدود میں واپسی ہو چکی ہے۔ ان کے بقول پی ٹی آئی کے ایک وزیر کے غیر ذمہ دارانہ اور تباہ کن بیان نے پاکستان کی ساکھ کو بے انتہا نقصان پہنچایا اور پی آئی اے پر یورپ اور برطانیہ میں پانچ سال تک پابندی عائد رہی۔ اب یہ پابندی اٹھنے سے جہاں پاکستان اور برطانیہ میں مقیم ایک دوسرے کے باشندوں کو باہمی روابط میں آسانی ہوگی وہیں پاکستان کی تجارت و سیاحت کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔ یہ امر واقع ہے کہ پاکستان کی قومی ایئر لائینز پی آئی اے کا ایک زمانے میں دنیا بھر میں طوطی بولتا تھا اور باوقار لوگ بلند پرواز کے مالو کے تحت ملکی اور غیر ملکی باشندے اس ایئر لائن کے ذریعے سفر پر فخر محسوس کیا کرتے تھے اور کئی مسلم ممالک نے اپنی ایئر لائینز میں بہتری لانے کیلئے پی آئی اے کی خدمات مستعار لے رکھی تھیں۔ پھر حکمران طبقات کی مفاد پرستیوں نے اس قومی ایئر لائن کی ساکھ کو بٹہ لگانا شروع کیا اور اس منفعت بخش قومی ادارے کو خسارے کا راستہ دکھا دیا۔ بادی النظر میں اس قومی ادارے کی نجکاری کیلئے راستہ ہموار کرنا مقصود تھا۔ اس ادارے کی تباہی کی سازشوں کا یہ سلسلہ تو آج کے دن تک برقرار ہے اور اسے گراوٹ کی اس انتہا تک پہنچا دیا گیا ہے کہ اب اندرونی اور بیرونی پرواز کیلئے کوئی مسافر بہ امر مجبوری ہی پی آئی اے کا انتخاب کرتا ہے۔ اس قومی ادارے کی گراوٹ میں ہر حکمران نے اپنا اپنا حصہ ڈالا ہے تاہم پی ٹی آئی کے دور میں یہ گراوٹ انتہا کو جا پہنچی جس کا ایجنڈہ ہی بیرونی دنیا میں پاکستان کی ہر حوالے سے ساکھ برباد کرنے کا تھا۔ اس ایجنڈے کی بنیاد پر ہی پی ٹی آئی کے دور میں ملک کی سیاست اور معیشت و معاشرت کو مسلسل خلفشار میں مبتلا رکھا گیا، عوام کی فلاح سے متعلق ریاست کی آئینی ذمہ داریوں کی ادائیگی سے ہاتھ کھینچ لیا گیا اور اس حکومت کے وزیر مشیر ریاستی انتظامی امور کی انجام دہی کے معاملات میں درفنطنیاں چھوڑتے نظر آتے رہے۔ آج ہمیں سسٹم میں جو قباحتیں نظر آ رہی ہیں وہ پی ٹی آئی کے دور میں ہی زیادہ گھمبیر ہوئی تھیں۔ پی آئی اے کو بھی اسی دور میں تنزلی کے راستے پر ڈالا گیا اور اس معاملہ میں قومی عزت و وقار کو بٹہ لگنے کی بھی پرواہ نہ کی گئی۔ اس تناظر میں یہ امر قرین قیاس ہے کہ پی ٹی آئی کے ہوابازی کے وزیر غلام سرور خاں نے اپنی پارٹی قیادت کی آشیر باد کے ساتھ ہی ایسا غیر ذمہ دارانہ بیان جاری کیا تھا جو یورپ اور برطانیہ کیلئے پی آئی اے کی پروازوں پر پابندی پر منتج ہوا۔ اب پانچ سال بعد برطانیہ کی جانب سے یہ پابندی ہٹانے کا عندیہ ملا ہے تو جہاں یہ اتحادی حکومت کیلئے اطمینان اور سیاسی پوائنٹ سکورنگ کا باعث ہے وہیں اب حکومت کی آزمائش بھی شروع ہوئی ہے کہ وہ اندرونی اور بیرونی پروازوں کیلئے پاکستان کے مکمل محفوظ ہونے کا تاثر پختہ بنانے کے اقدامات اٹھائے اور تباہی سے دوچار اس قومی ایئر لائن کی بحالی کے ٹھوس اقدامات اٹھا کر اس پر مسافروں کا ماضی والا اعتماد بھی قائم کرے۔ یہ قومی ادارہ اپنے پاؤں پر کھڑا ہوگا تو اس کی نجکاری کی ضرورت بھی نہیں رہے گی۔

محمد اکرم چوہدری

کیا ہم ایک بار پھر سیاسی میدان گرم کرنے کا بہانہ تلاش کر رہے ہیں؟

13 جولائی کو اپنی پریس کانفرنس میں عظمیٰ بخاری نے پی ٹی آئی پر الزام لگایا کہ وہ مشہور شخصیات، سیاسی مخالفین اور ریاستی افسران کے خلاف سوشل میڈیا کے ذریعے ایک منظم دباؤ کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے عمران خان کے قومی پرنٹ میڈیا میں شائع ہونے والے بیانات اور غیر ملکی میڈیا کو دیئے گئے انٹرویوز کا حوالہ دیا، جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ عمران خان حالیہ حالات اور میڈیا سے باخبر ہیں، جو پی ٹی آئی کے تنہائی کی قید کے دعوے کے برعکس ہے۔ وزیر اطلاعات زیادہ باخبر ہوں گی مگر بات تو سچ ہے مگر بہ رسوائی کی، ہمارے سیاسی اکابرین کسی بھی جماعت سے وابستہ ہوں تو یہی فلم چل رہی ہوتی ہے مرگئے لٹ گئے ہسپتالوں میں نہیں لے کے جا رہے، ملنے نہیں دیا جا رہا گفتگو پر پابندی ہے پلیٹ لیس گر گئے مگر جب بات بدلتی ہے تو رنگ بھی بدل جاتا ہے پی ٹی آئی کے لوگ بھی یہی کر رہے ہیں ان کا خمیر بھی اسی دھرتی سے اٹھا ہے انہوں نے کون سی نئی سائنس پڑھی ہے کل جو کہ رہے تھے وہ آج کہہ رہے ہیں جو کل وہ کہہ رہے تھے آج آپ لوگ کہہ رہے ہیں شکوہ نہ کریں شکایت نہ کریں ہم پاکستانی ایسے ہی ہیں ہمیں کسی پل چین نہ آئے

سرکاری حکام کا ماننا ہے کہ پی ٹی آئی کی یہ ایک سوچی سمجھی حکمت عملی ہے کہ وہ اپنے سیاسی مخالفین اور ریاستی اداروں پر الزامات، بدزبانی، مظلومیت کے دعوے اور جھوٹ کے ذریعے دباؤ ڈالے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کو بیانیہ سازی کی تکنیکوں کا بخوبی علم ہے وہ بطور ثبوت 2023 کا حوالہ دیتے ہیں جب پی ٹی آئی پولیس کی جانب سے اپنے کسی رہنما یا کارکن کی گرفتاری کو 'اغوا' کہتی تھی۔ یہ بیانیے کو manipulate (چالاکی سے قابو پانے) کرنے کی کلاسیکی مثال ہے۔

پی ٹی آئی کے مخالفین کا کہنا ہے کہ اگرچہ اقتدار میں آنے سے پہلے اور دورانِ حکومت پی ٹی آئی احتساب کی علمبردار ہونے کا دعویٰ کرتی رہی، لیکن اقتدار سے محروم ہونے کے بعد اب وہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے کسی بھی اقدام کو سیاسی انتقام قرار دیتی ہے۔ پی ٹی آئی کے رہنما اور حامی عمران خان کے مقدمات اور قید سے متعلق مسلسل غلط بیانی کر رہے ہیں، جبکہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے جسے پی ٹی آئی دنیا کو دکھانا چاہتی ہے۔ سرکاری حکام کا کہنا ہے کہ تمام مقدمات قانون کے مطابق درج کیے گئے ہیں اور عمران خان کے وکیلوں کی تاخیری حربوں کے باوجود، ٹرائل عدالتوں نے انہیں بھرپور موقع فراہم کیا۔ دفاع کی ٹیم ان مقدمات کی صداقت کو چیلنج نہ کر سکی بلکہ محض قانونی طریقہ کار کی باریکیوں پر انحصار کرتی رہی۔

عمران خان اور بشریٰ بی بی براہِ راست مالی فائدہ اٹھانے والوں میں شامل رہے۔ خواہ وہ توشہ خانہ کیس ہو یا 190 ملین پاؤنڈز کا معاملہ، دونوں نے مالی فوائد حاصل کیے۔ جن مقدمات میں عمران خان یا بشریٰ بی بی کو سزا ہوئی، ان میں انہوں نے اپیل کا حق استعمال کیا اور اس سے بھرپور فائدہ اٹھایا۔ کئی مقدمات میں فیصلے کالعدم قرار دیئے گئے یا سزائیں معطل کر دی گئیں۔ سیاسی مبصرین کا کہنا ہے کہ وہ شخص جو اقتدار میں ہوتے ہوئے مخالفین کی جیل میں اے سی اتارنے کا دعویٰ کرتا تھا، آج خود جیل میں ایسی سہولیات سے لطف اندوز ہو رہا ہے جو بی کلاس کے قیدیوں کو بھی حاصل نہیں ہوتیں۔ اسے سات کمروں پر مشتمل ایک کمپلیکس دیا گیا ہے جس کے ساتھ چہل قدمی کے لیے راہداری، ایکسر سائز سائیکل، ٹی وی، اخبار اور کتابیں بھی فراہم کی گئی ہیں۔

سیاسی حلقے کہتے ہیں کہ عمران خان ملکی معاملات سے بخوبی باخبر ہیں اور اپنی پارٹی کو ہدایات دیتے رہتے ہیں۔ ان کا ایکس (سابقہ ٹوئٹر) اکاؤنٹ باقاعدگی سے ان کے خیالات شیئر کرتا ہے۔ قید کے دوران عمران خان کی جانب سے 413 نوٹس کی جا چکی ہیں۔ جنرل انتخابات 2024، ضمنی انتخابات سمبڑیال، اسلام آباد میں 26 نومبر 2024 کا پی ٹی آئی احتجاج، حکومت سے مذاکرات یا 26ویں آئینی ترمیم کی منظوری جیسے تمام بڑے سیاسی واقعات پر وہ پیغامات جاری کرتے رہے ہیں۔

عمران خان کے بیانات قومی پرنٹ میڈیا میں باقاعدگی سے شہ سرخیاں بنتے ہیں۔ اگست 2024 سے اب تک، عمران خان کے بیانات 45 بار قومی میڈیا میں شہ سرخی بن چکے ہیں۔ عمران خان غیر ملکی میڈیا کو بھی انٹرویوز دیتے رہے ہیں، جو کہ ایک سزا یافتہ شخص کے لیے غیر معمولی بات ہے۔ 2024 سے اب تک انہوں نے کم از کم 10 بار غیر ملکی اداروں جیسے فاکس نیوز، وال اسٹریٹ جرنل، آئی ٹی وی، رائٹرز، دی ٹیلیگراف وغیرہ سے بات چیت کی ہے۔

وہ اپنی پارٹی کی قیادت میں بار بار تبدیلیاں بھی کرتے رہے ہیں، جو کہ اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ پارٹی قیادت کو ان تک لگ بھگ بلا رکاوٹ رسائی حاصل ہے۔ گزشتہ تین مہینوں میں 66 افراد (رہنما، اہل خانہ اور وکلاء) نے ان سے ملاقات کی ہے۔ وہ برطانیہ میں مقیم اپنے دو بیٹوں سے بھی رابطہ کرتے ہیں۔ سرکاری ذرائع نے پی ٹی آئی کے اس دعوے کو سختی سے مسترد کیا ہے کہ عمران خان کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ان کے مطابق پی ٹی آئی قانونی احتساب کو سیاسی تماشہ بنا کر عوام کے اعتماد کو انصاف کے نظام سے ہٹانے کی کوشش کر رہی ہے۔

یہ تحریک انصاف کے خلاف سرکاری بیانیہ ہے عوام جو سرکار کے ساتھ ہیں ایسے سچ مانتے ہیں اور جو ان کے مخالفین ہیں وہ دل میں درست بھی مانتے ہوں تو وہ دور کی کوڑیاں لائیں گے کہ یہ سب جھوٹ لگنے لگے گا سوال تو یہ ہونا چاہیے کہ علی امین گنڈا پور کیساتھ جتنی گاڑیاں تھیں 12 سال پہلے جب کے پی کے میں یہ حکومت میں آئے تھے تو یہ سب گاڑیوں پر تھے یا اسی برانڈ کی گاڑیوں میں تھے اگر تو ایسا کے پی کے میں سب کو ایسی ہی ترقی ملی ہے تو ماشاءاللہ مبارک ہو اگر ایسا نہیں ہے تو ان سب کو سوچنا چاہیے کہ عوام کی رائے کیا ہوگی انکے بارے میں اور عوام پورے پاکستان کے ایک جیسے ہیں اور ایک ہی طرح سوچتے ہیں بس حکمران بھول جاتے ہیں کہ یہ عہدے بلآخر ختم ہونے ہیں پھر پہلے عوام اور پھر اللہ میاں سوال تو کریں گے علی امین گنڈا پور نے جو زبان فضل الرحمن کے بارے میں استعمال کی کچھ سال پہلے بھی کرتے تھے پھر سب شیر شکر ہو گئے بس عوام یہی دیکھتے ہیں سمجھتے بھی ہیں عوام کو بیوقوف سمجھنا چھوڑ دیں حکمرانوں کو عوام کو جواب دہ ہونا پڑے گا آج نہیں تو کل ورنہ اللہ کی عدالت تو لگے گی حضور ادھر تو کوئی نہیں ہوگا ہم سب کو بچانے کے لیے ملک کی سوچیں 90 روزہ تحریک چلائیں اور عوام کو یقین دلائیں کہ آپ کے کاروبار بند نہیں ہوں گے بچے سکول جا سکیں گے امتحانات وقت پر ہوں گے آپ احتجاج کریں کسی کو کیا اعتراض ہے میری دکان کے سامنے میدان نہ لگائیں تو ہم راضی، حضور قبلہ اپنا اپنا کام کریں دوسرے کو کرنے دیں آپ وزیر اعلیٰ ہیں صوبہ چلائیں اکبر خان اور گوہر عمر ایوب کو تحریک چلانے دیں اب وقت کو سمجھیں لوگوں کے مالی حالات اچھے نہیں ہیں ان کو تنگ نہ کریں بال بچوں کا رزق کمانے دیں تھوڑا انتظار اور اصلاح احوال فرما لیں، مولانا فضل الرحمن کے بارے میں سوچ لیں وہ بھی اب بہت کچھ نیا کہیں گے پھر آپ لڑیں گے کہ جھوٹ بول رہا ہے یہ تو بتائیں سچ کون بول رہا ہے۔

گنڈا پور رائیونڈ کی کارواں سرائے میں۔

عبداللہ طارق سہیل

چینی کی قیمت زقندیں بھر بھر کے بڑھ رہی ہے۔ دو سو روپے تک پہنچ گئی ہے۔ قیاس آرائی کی جا رہی ہیں کہ مزید مہنگی ہوگی۔ کتنی مہنگی؟۔ یہ تو وزیر اعظم ہی بتا سکتے ہیں کیونکہ ''اہداف'' کا تعین وہی کرتے ہیں۔

300 کروڑ روپے کی چینی درآمد کرنے کی پالیسی پر فواد حسن فواد نے تنقید کی ہے۔ وہ مسلم لیگ کے سخت گیر حامی سمجھے جاتے ہیں، سابق وزیر اعظم نواز شریف کے پرنسپل سیکرٹری بھی رہے ہیں، چنانچہ ان کی تنقید دوسروں سے زیادہ قابل توجہ ہے..... انہوں نے کہا ہے کہ برآمد درآمد، درآمد برآمد کی پالیسی ختم ہونی چاہیے۔

فواد حسن کی خدمت میں شعر پیش خدمت ہے:

برآمد درآمد، درآمد برآمد
لہو گرم رکھنے کا ہے اک بہانہ

اکیلے فواد حسن ہی پریشان نہیں، کئی اور بھی اندیشہ شہر میں مبتلا ہیں حالانکہ غور کیا جائے تو پریشانی کی کوئی بنیاد ہی نہیں، یعنی بے بنیاد پریشانی۔

مثلاً کچھ لوگ کہہ رہے ہیں کہ زراعت کا اسی طرح منصوبہ بند کر کے صفایا کیا جاتا رہا تو کیا بنے گا۔ زراعت ختم ہو جائے گی تو ہم روٹی کیسے پکائیں گے، بھاجی کیسے بنے گی۔

کتنا بے کار کا اندیشہ ہے۔ بھئی یہاں فصلیں ختم ہو جائیں گی تو کیا دنیا بھر سے ختم ہو جائیں گی؟۔ ہم باہر سے منگوا لیں گے یعنی وہی

برآمد درآمد درآمد برآمد
لہو گرم رکھنے کا ہے اک بہانہ

زرمبادلہ کے ذخائر ہمارے پاس ''بے پناہ'' ہیں، وہ کس دن کام آئیں گے۔

کچھ عرصہ سے پختونخواہ سے لوگ علاج کیلئے سندھ جا رہے ہیں، نئی پیش گوئی یہ ہے کہ اب پنجاب سے بھی مریض سندھ جایا کریں گے کہ وہی ایک صوبہ رہ گیا ہے جہاں سرکاری ہسپتالوں میں علاج کی سہولیات میسر ہیں۔ اس نئے رجحان سے سندھ کے ہسپتالوں پر بوجھ بے تحاشا بڑھ جائے گا۔ سندھ حکومت کو ابھی سے تیاری کرنی چاہیے کیونکہ پنجاب کے پی سے کئی گنا بڑا صوبہ ہے، مریضوں کی آمد میں اتنے بڑے اضافے سے یک دم بحران آئے گا۔

کچھ عرصہ پہلے تک پنجاب میں بھی یہ سہولتیں موجود تھیں پھر یہ ہوا کہ..... مطلب یہ کہ..... میرا مطلب ہے آپ کو پتہ ہی ہے کہ پھر کیا ہوا، مجھے بتانے کی آخر ضرورت ہی کیا ہے۔

مریض کو ڈسپرین کی گولی لینے کیلئے بھی اب سندھ جانا پڑے گا

:مرے رہا، تیری دہائی ہے۔

فرمائش ہے کہ:

بارے گنڈا کا کچھ بیاں ہو جائے،

گنڈا سمارٹ لفظ ہے۔ گنڈا پور بھاری بھرکم لفظ ہے جبکہ مطلب براری کیلئے گنڈا کا ''سنگل ورڈ'' کافی ہے۔ خیر، اصل بات یہ ہے کہ یہ گنڈا سے زیادہ پی ٹی آئی کا بیان ہے۔

تو ہوا یوں کہ اچانک خبر آئی، ہزاروں کاروں کا کارواں گنڈا صاحب کی قیادت میں لاہور جا رہا ہے جو وہاں جاتے ہی انقلاب برپا کر دے گا۔

ایسی دھمال لاہور میں پڑے گی کہ تالہ اڈیالے کا کھل جائے گا۔ یہ سارا منظر نامہ پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا نے بتایا، بتایا اور دکھایا، ایک شور قیامت تھا جو برپا کر دیا گیا۔ سبھی اہل نظر کی نظریں اس جلوس پر جم گئیں۔

جلوس کی روانگی سے پہلے گنڈا صاحب نے اعلان کیا کہ ہم لاہور جا کر مرشد کی رہائی کے لیئے لائحہ عمل بنائیں گے، پھر اس پر عمل کریں گے۔ کارواں چلا تو پتہ چلا کہ 49 کاریں ہیں یعنی ایک کم پچاس۔ پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا کی اطلاع تو ہزاروں کی تھی۔؟ بہرحال، کچھ وقت کے بعد پی ٹی آئی سوشل میڈیا نے تعداد میں ترمیم کی کہ پانچ سو گاڑیاں ہیں۔ ایک دو گھنٹے بعد جب کارواں جہلم سے نکل گیا تو اسی سوشل میڈیا نے اضافی ترمیم کی اور بتایا کہ 300 گاڑیاں ہیں۔ خیر، شام کو کارواں پہنچ گیا تو پتہ چلا کہ جتنی کاریں اسلام آباد سے چلی تھیں، اتنی ہی ہیں یعنی 49 کی 49۔ راستے میں ایک کار بڑھی، نہ ایک کار کم ہوئی۔ اسے ''استقلال'' بھی کہا جا سکتا ہے۔

کارواں لاہور نہیں، رائیونڈ گیا جہاں ایک کھرب پتی سینٹ کے امیدوار نے کارواں والوں کیلئے کارواں سرائے سجا رکھی تھی۔ شاہی کھانا، پھر شاہی گانا بجانا۔ مطلب فردوس معدہ، جنّت گوش و نظر پتہ چلا کہ گنڈا صاحب ان کھرب پتی کو سینیٹر بنوانا چاہتے ہیں، قائد یعنی مرشد کی مرضی کے برعکس۔ کہا جاتا ہے کہ مرشد جو دیوار کے پار دیکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، اڈیالے کی دیواروں سے آر پار رائیونڈ کی اس کارواں سرائے کے مناظر دیکھ رہے تھے اور آہِ سرد بھر رہے تھے۔ اگلے دن کارواں واپس پشاور روانہ ہوا۔ مرشد کی رہائی کیلئے لائحہ عمل پر غور کرنے کا موقع ہی نہ مل سکا۔ پوچھا گیا کہ لائحہ عمل والی بات کیا ہوئی تو فرمایا، 90 دن بعد پوچھنا۔ مرشد ضیاء ✻ الحق یاد آ گئے۔ کارواں سرائے میں پنجاب میں انقلاب کی ''قائدہ'' عالیہ حمزہ کو آنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ خدا جانے کیا ''رحونیاتی رمز'' تھی۔ بہرحال پارٹی کارکنوں کا اس صدمہ جانکاہ سے برا حال ہے۔

لاہور میں ایک محنت کش بارش میں پھنس گیا اور حکمرانوں کو برا بھلا کہنے لگا۔ تحریک گالم گلوچ کے سوشل میڈیا سیل نے اس کی گالی گفتار والی وڈیو وائرل کر دی۔ نتیجہ یہ کہ محنت کش کو دھر لیا گیا، کچھ دھلائی بھی ہوئی، توبہ تائب کرا کے چھوڑ دیا گیا۔

یہ کام تو ہر دور میں ہوا ہے کہ اس طرح کے ناراض اور دکھی لوگ چوک چوراہے چھاپے خانے تھڑے پان کی دکان وغیرہ پر دل کی بھڑاس نکالا کرتے ہیں، گالی بھی دے ڈالتے ہیں۔ ایوب کا دور ہو یا بھٹو کا، ضیا کا ہو یا مشرف کا، بے نظیر کا ہو یا نواز شریف کا۔ لیکن اس سے پہلے اس طرح کے برجستہ اور وقتی ردِ عمل پر کسی کو پکڑ کر دھلائی کی گئی ہو، یہ پہلی بار ہوا ہے۔ گالی دینا بری بات ہے لیکن عوام ہنستے ہیں اور حکمران نظر انداز کرتے ہیں۔ ان کے دکھوں کا مداوا بھی البتہ نہیں کرتے۔

مرشد جو دیوار کے پار دیکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، اڈیالے کی دیواروں سے آر پار رائیونڈ کی اس کارواں سرائے کے مناظر دیکھ رہے تھے اور آہِ سرد بھر رہے تھے۔

اگلے دن کارواں واپس پشاور روانہ ہوا۔ مرشد کی رہائی کیلئے لائحہ عمل پر غور کرنے کا موقع ہی نہ مل سکا۔ پوچھا گیا کہ لائحہ عمل والی بات کیا ہوئی تو فرمایا، 90 دن بعد پوچھنا۔ مرشد ضیاء ✻ الحق یاد آ گئے۔ کارواں سرائے میں پنجاب میں انقلاب کی ''قائدہ'' عالیہ حمزہ کو آنے کی اجازت نہیں دی گئی۔

لگتا ہے، پہلی بار یہ پالیسی بدل دی گئی ہے۔ اب جو بھی ایسا کرے گا، دھو کر رکھ دیا جائے گا۔

جلوس کی روانگی سے پہلے گنڈا صاحب نے اعلان کیا کہ ہم لاہور جا کر مرشد کی رہائی کے لیئے لائحہ عمل بنائیں گے، پھر اس پر عمل کریں گے۔ کارواں چلا تو پتہ چلا کہ 49 کاریں ہیں یعنی ایک کم پچاس۔ پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا کی اطلاع تو ہزاروں کی تھی۔؟ بہرحال، کچھ وقت کے بعد پی ٹی آئی سوشل میڈیا نے تعداد میں ترمیم کی کہ پانچ سو گاڑیاں ہیں۔ ایک دو گھنٹے بعد جب کارواں جہلم سے نکل گیا تو اسی سوشل میڈیا نے اضافی ترمیم کی اور بتایا کہ 300 گاڑیاں ہیں۔ خیر، شام کو کارواں پہنچ گیا تو پتہ چلا کہ جتنی کاریں اسلام آباد سے چلی تھیں، اتنی ہی ہیں یعنی 49 کی 49۔ راستے میں ایک کار بڑھی، نہ ایک کار کم ہوئی۔ اسے ''استقلال'' بھی کہا جا سکتا ہے۔

کارواں لاہور نہیں، رائیونڈ گیا جہاں ایک کھرب پتی سینٹ کے امیدوار نے کارواں والوں کیلئے کارواں سرائے سجا رکھی تھی۔ شاہی کھانا، پھر شاہی گانا بجانا۔ مطلب فردوس معدہ، جنّت گوش و نظر پتہ چلا کہ گنڈا صاحب ان کھرب پتی کو سینیٹر بنوانا چاہتے ہیں، قائد یعنی مرشد کی مرضی کے برعکس۔ کہا جاتا ہے کہ مرشد جو دیوار کے پار دیکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، اڈیالے کی دیواروں سے آر پار رائیونڈ کی اس کارواں سرائے کے مناظر دیکھ رہے تھے اور آہِ سرد بھر رہے تھے۔ اگلے دن کارواں واپس پشاور روانہ ہوا۔ مرشد کی رہائی کیلئے لائحہ عمل پر غور کرنے کا موقع ہی نہ مل سکا۔ پوچھا گیا کہ لائحہ عمل والی بات کیا ہوئی تو فرمایا، 90 دن بعد پوچھنا۔ مرشد ضیاء ✻ الحق یاد آ گئے۔ کارواں سرائے میں پنجاب میں انقلاب کی ''قائدہ'' عالیہ حمزہ کو آنے کی اجازت نہیں دی گئی۔

راولپنڈی پولیس۔ بہتری کی جانب گامزن

ڈاکٹر مرتضیٰ مغل

راولپنڈی میں جہاں عوام کی جانب سے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے توقعات ہمیشہ بلند رہی ہیں سال 2025 کے پہلے چھ ماہ میں پولیس کارکردگی سے متعلق عوامی رائے میں امید کی کرن نظر آتی ہے۔ اسلام آباد انسٹیٹیوٹ آف جرنلزم اینڈ ماس کمیونیکیشنز کی جانب سے کئے گئے ایک حالیہ عوامی سروے جو شہریوں اور کاروباری افراد پر مشتمل تھا سے پتہ چلتا ہے کہ پولیس نہ صرف اپنے فرائض بہتر انداز میں سرانجام دے رہی ہے بلکہ اس ضمن میں عوامی توقعات بھی بڑھ رہی ہیں۔ اگرچہ یہ بہتری ابھی ابتدائی مرحلے میں ہے مگر یہ رجحانات خاصی اہمیت رکھتے ہیں۔ سروے کا سب سے نمایاں پہلو یہ ہے کہ پولیس کی موجودگی اب عوامی سطح پر بہتر انداز میں محسوس کی جا رہی ہے۔ شہریوں نے تسلیم کیا کہ پولیس اہلکار اب زیادہ متحرک اور عوامی مسائل میں شامل نظر آتے ہیں۔ اب عوام اور پولیس کے مابین ہ فاصلہ کچھ کم ہوتا دکھائی دے رہا ہے جو قابلِ تعریف پیش رفت ہے۔ یہ سروے چھ اہم نکات پر مبنی تھا جس میں مجموعی اطمینان، انصاف پر اعتماد، پولیس سے رابطے، اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیت، اصلاح کی ضرورت والے شعبے، اور عوام کے احساسِ تحفظ کا جائزہ شامل تھے۔ ان تمام نکات میں عوامی رائے میں ایک مثبت تبدیلی کی جھلک محسوس ہوئی۔ اگرچہ صرف 16 فیصد افراد نے پولیس اصلاحات کو انتہائی مؤثر قرار دیا، لیکن اکثریت نے یہ ضرور تسلیم کیا کہ کچھ نہ کچھ بہتری ہوئی ہے۔ یہ وہ ابتدائی علامات ہیں جو مستقبل میں بڑے نتائج دے سکتی ہیں۔ سروے کے دوران بعض تحفظات بھی سامنے آئے جیسے کہ رویے میں بہتری کی ضرورت، عوام سے مؤثر رابطہ، اور بعض اختیارات کے غلط استعمال کا تاثر تاہم ان نکات کو ناکامی کے بجائے ایک رہنما اصول کے طور پر دیکھنا چاہیے۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ اب شہری ان مسائل پر کھل کر بات کر رہے ہیں اور پولیس نے خود کو اس عوامی مکالمے کے لیے کھلا رکھا ہے جو جمہوری اور شفاف طرزِ حکمرانی کی علامت ہے۔ راولپنڈی پولیس اس بات کی مستحق ہے کہ اسے اس عوامی فیڈ بیک کے لیے سراہا جائے۔ ہر ادارہ خود پر تنقید سننے کو تیار نہیں ہوتا۔ مگر پولیس نے نہ صرف عوامی رائے کو تسلیم کیا بلکہ بہتری کے لیے بنیاد بھی فراہم کی۔ مجموعی اطمینان کا تناسب کم ہونے کے باوجود پولیس کی یہ سنجیدگی قابلِ ستائش ہے کہ وہ جاننا چاہتی ہے کہ کہاں تبدیلی کی ضرورت ہے۔ یہ بھی نہیں بھولنا چاہیے کہ راولپنڈی جیسے بڑے شہر میں پولیسنگ ایک مشکل اور پیچیدہ عمل ہے۔ سیاسی سرگرمیاں، ٹریفک مسائل، جرائم، اور عوامی تنازعات یہ سب چیلنجز ایسے ہیں جن سے نمٹنا آسان نہیں۔ لیکن ان تمام مشکلات کے باوجود پولیس نے اپنے فرائض سرانجام دے رہی ہے اور ایک ایسا احساسِ تحفظ قائم رکھا ہے جو شہریوں کی نظروں میں اہم ہے۔ اصل کامیابی تیزی سے تبدیلی نہیں بلکہ درست سمت میں مسلسل پیش رفت ہے۔ عوام کی جانب سے جو تجاویز دی گئیں جیسے کہ تربیت میں بہتری، رویے میں نرمی، اور مؤثر رابطہ انہیں پولیس پر اعتماد

بقیہ 1

امن وامان کی حالت تشویشناک ہے، باہر سے کوئی نہیں آئیگا، امن وامان کی بحالی، ضم اضلاع کی ترقی وخوشحالی کیلئے سب کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا، وفاقی کمیٹی جرگہ سسٹم کی بحالی کیلئے ہے جس میں قبائلی عوام کی نمائندگی یقینی ہونی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز ڈاکٹر عالمگیر یب مہمند کی قیادت میں گورنر ہاؤس میں منعقدہ ضم اضلاع کے گرینڈ قبائلی جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ قبائلی جرگہ میں ملک خان مرجان، بسم اللہ خان، ملک نائب خان سمیت باجوڑ، مہمند، خیبر، اورکزئی، کرم، شمالی وجنوبی وزیرستان اور سابق ایف آر ز کے قبائلی مشران ونوجوانوں نے شرکت کی۔ جرگہ سے ملک خان مرجان، بسم اللہ خان، ڈاکٹر عالمگیر یب نے بھی خطاب کیا اور گورنر کو قبائلی علاقوں کے مسائل بالخصوص فاٹا کے انضمام، امن وامان کی موجودہ خراب صورتحال اور ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اپنے تحفظات سے آگاہ کیا۔ عمائدین جرگہ نے باجوڑ سے لیکر وزیرستان تک امن وامان کی صورتحال پر بھی اپنی تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے گورنر سے مطالبہ کیا کہ انضمام سے فاٹا کے مسائل حل نہیں ہوئے، فاٹا کا پرانا سٹیٹس بحال کیا جائے اور قبائلی عوام کو ان کی رائے کے مطابق فیصلہ کا اختیار دیا جائے، ضم اضلاع کے ہر ضلع میں کیڈٹ کالج اور گرلز کالج تعمیر کئے جائیں۔ اراکین جرگہ نے گورنر سے معدنیات کی رائلٹی قبائلی اضلاع کو دینے کا بھی مطالبہ کیا۔ مشران نے گورنر سے اراکین جرگہ کی صدر مملکت آصف علی زرداری، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، سینٹ چیئرمین یوسف رضا گیلانی سمیت دیگر پی پی پی کے مرکزی قائدین سے ملاقات کا بھی مطالبہ کیا۔ جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے گورنر نے کہا کہ گورنر ہاؤس اس صوبے کے عوام کا اپنا گھر ہے، میری کوشش ہے کہ ضم اضلاع سمیت صوبہ بھر کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کردار ادا کروں۔ گورنر نے جرگہ کو یقین دلایا کہ وہ صدر مملکت آصف علی زرداری، سینیٹ چیئرمین یوسف رضا گیلانی اور دیگر مرکزی رہنماؤں سے اراکین جرگہ کی ملاقات کروائیں گے تاکہ وہ اپنے مسائل سے انہیں خود آگاہ کرسکے۔ گورنر نے جرگہ کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل کے حل کیلئے فورم پر آواز اٹھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی عوام مایوس نہیں ہوں گے، امن وامان اور ترقی کیلئے مل کر کوششیں کریں گے اور قبائلی عوام کا مقدمہ ہر فورم پر دلیل کے ساتھ پیش کروں گا۔ گورنر نے کہا کہ عوامی اعتماد کی بحالی تک امن وامان اور ترقی وخوشحالی کا خواب پورا نہیں ہوسکتا۔ گورنر نے اس بات پر زور دیا کہ مشران کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے نوجوانوں کا اعتماد بحال کریں۔ گورنر نے کہا کہ وفاقی کمیٹی میں تمام سیاسی جماعتوں کی نمائندگی شامل ہے تاہم قبائلی عوام کی بھی نمائندگی ہونی چاہیئے تاکہ جو فیصلہ ہو وہ انہیں بھی قابل قبول ہو۔ ضم اضلاع اور صوبے کے عوام کو ان کا حق دلانے کیلئے ہر فورم پر بات کررہے ہیں اور پاکستان پیپلز پارٹی کے قائد شہید ذوالفقار علی بھٹو نے جس طرح قبائلی علاقوں میں ہسپتال، تعلیمی ادارے قائم کیے تھے، اسی طرح آج بھی پی پی پی پی ضم اضلاع کے عوام کی حقوق کیلئے آواز اٹھارہی ہے اور ان کے مسائل ضرور حل کریں گے۔ آخر میں ملک میں امن واستحکام اور ترقی وخوشحالی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 2

کوشش کی، سیکیورٹی فورسز نے اطلاع ملتے ہی پانچ مختلف مقامات پر ناکہ بندی کی، شام 6 بج کر 25 منٹ پر عزیز خیل اور منڈی خیل کی جانب پیش قدمی کی۔ فورسز نے پانچ مختلف مقامات پر ناکہ بندی کی اور خوارج کو میسی خیل کی مسجد میں پناہ لیتے ہوئے گھیر لیا، بہترین حکمت عملی کے باعث فورسز نے مسجد کا فوری محاصرہ کیا، جس کے بعد دہشت گردوں نے ہتھیار ڈال دیئے۔ گرفتار ہونے والے تمام خوارج افغان شہری ہیں جن کی عمریں 15 سے 18 سال کے درمیان ہیں، جبکہ تین ملزمان کے پاس افغان شناختی کارڈ بھی موجود ہیں، تمام خوارج کو تفتیش کیلئے نامعلوم مقام پر منتقل کردیا گیا ہے، سیکیورٹی فورسز کا علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق حالیہ مہینوں میں پاک افغان سرحد پر دراندازی کی کئی کوششیں ناکام بنائی گئیں، شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز نے 25 سے 27 اپریل 2025 کے دوران کامیاب آپریشن میں 71 خوارج ہلاک کئے، جبکہ 4 جولائی کو بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کی دراندازی میں 30 خوارج مارے گئے تھے۔ اس سے قبل 23 مارچ 2025 کو بھی افغان سرحد کے ذریعے دراندازی کی کوشش میں 16 خوارج جہنم واصل کئے گئے تھے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ پاک افغان سرحد سے دراندازی سے لے کر پاکستان میں دہشت گردی پھیلانے تک فتنہ الخوارج کو بھارت کی مکمل حمایت حاصل ہے۔

بقیہ 3

کیلئے ایسے لوگوں کو الیکٹرک رکشے اور لوڈر فراہم کرے گی جو بے روزگار ہیں۔ جمعہ کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملک میں الیکٹرک وہیکلز کی حوصلہ افزائی، الیکٹرک بائیکس، رکشہ و لوڈر کے حصول میں حکومتی معاونت پر جائزہ اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزراء احد خان چیمہ، عطاء اللہ تارڑ، معاون خصوصی ہارون اختر، چیف کوارڈینیٹر مشرف زیدی اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ وفاقی حکومت بشمول وفاقی بورڈ، ملک بھر کے بورڈز کے ٹاپرز کو الیکٹرک بائیک فراہم کرے گی، الیکٹرک وہیکلز کی حوصلہ افزائی سے ایندھن کی مد میں اربوں ڈالر کے قیمتی زرمبادلہ کی بچت، ماحولیاتی تحفظ میں معاونت اور مقامی صنعت کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ الیکٹرک وہیکل کی عام آدمی تک رسائی کے لیے حکومتی سطح پر اقدامات کا جامع لائحہ عمل تشکیل دیا جائے، ملک میں الیکٹرک وہیکلز کی تیاری اور مینٹیننس کیلئے ایک مکمل ایکو سسٹم تشکیل دینے کیلئے اقدامات کیے جائیں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ الیکٹرک وہیکلز کی تقسیم اور اس میں حکومتی معاونت کے پورے طریقہ کار کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن کرائی جائے۔ حکومت کی الیکٹرک وہیکل کی حوصلہ افزائی اور اس میں حکومتی معاونت والی سکیم میں معاشی طور پر کمزور طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی الیکٹرک وہیکل کے حصول میں حکومتی معاونت کی سکیم کے بارے عوامی آگاہی مہم چلائی جائے۔ وزیراعظم نے مجوزہ سکیم میں دی جانے والی الیکٹرک بائیکس، رکشوں ولوڈرز کے بہترین معیار اور انکے سیفٹی معیار پر پورا اترنے کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ قبل ازیں، اجلاس کو ملک میں الیکٹرک وہیکلز کی تیاری کے حوالے سے صنعت کی موجودہ صورتحال اور عام آدمی کی ان تک رسائی کیلئے حکومتی معاونت کے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ حکومت الیکٹرک بائیکس، رکشہ اور لوڈر کے کم لاگت اور آسان شرائط پر قرض کے ذریعے حصول میں معاونت کیلئے اقدامات کررہی ہے، ایک لاکھ سے زائد الیکٹرک بائیکس اور تین ہزار سے زائد رکشے ولوڈرز کے آسان شرائط وکم لاگت حصول میں عوام کو حکومتی معاونت فراہم کی جائے گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس سکیم کے تحت فیڈرل بورڈ سمیت ملک بھر کے تعلیمی بورڈز میں انٹرمیڈیٹ سطح پر اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے طلباء وطالبات کو مفت الیکٹرک بائیکس فراہم کئے جائیں گے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس سکیم میں خواتین کا 25 فیصد خصوصی کوٹہ رکھا گیا ہے جبکہ آبادی کے تناسب سے باقی صوبوں کا کوٹہ مختص کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے بلوچستان کا کوٹہ 10 فیصد تک بڑھانے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس سکیم کی بدولت ملک میں بیٹری بنانے والی 4 نئی کمپنیاں اپنے آپریشن کا آغاز کررہی ہیں، جس سے پاکستان میں نئے کاروباری مواقع اور روزگار ملے گا۔ وزیراعظم نے ان تجاویز پر مبنی سکیم کے جلد اجراء کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 4

کے پی میں پی ٹی آئی کے سینیٹ کے امیدوار عرفان سلیم، عائشہ بانو، خرم ذیشان، ارشاد حسین اور وقاص اورکزئی سخت نارض ہیں اور اسے پارٹی کے نظریے کے خلاف قرار دے دیا۔ پی ٹی آئی کے امیدواروں کے دست بردار ہونے سے انکار کے سبب سینیٹ الیکشن میں بے یقینی کی صورتحال پیدا ہوگئی، حکومت اور اپوزیشن کے درمیان امیدواروں کو بلا مقابلہ منتخب کرانے کے فارمولے کا اعلان بھی نہیں ہوسکا۔ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان بلامقابلہ فارمولے پر اتفاق ہونے پر وزیراعلیٰ نے ویڈیو پیغام بھی ریکارڈ کرالیا ہے مگر امیدواروں کے دست بردار نہ ہونے پر وزیراعلیٰ کا ویڈیو پیغام بھی روک لیا گیا۔ جمعیت علمائے اسلام خیبر پختونخوا کے جنرل سیکریٹری مولانا عطاالحق درویش کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کے ساتھ گزشتہ رات مذاکرات ہوئے ہیں، وزیراعلیٰ اور اپوزیشن جماعتوں کے درمیان ارکان کو بلامقابلہ منتخب ہونے کے حوالے سے اتفاق ہوگیا تاہم پی ٹی آئی کے اضافی امیدوار کے دست بردار ہونے کے بعد باقاعدہ اعلان کیا جائے گا۔ دوسری جانب پی ٹی آئی کے ناراض امیدوار وزیراعلیٰ ہاؤس پہنچے اور وزیراعلیٰ سے ملاقات کرکے انہیں اپنے تحفظات سے آگاہ کیا تاہم مذاکرات ناکام ہوگئے۔ ناراض امیدواروں میں عرفان سلیم، عائشہ بانو، خرم ذیشان، ارشاد حسین، وقاص اورکزئی ہیں، تیمور جھگڑا، شوکت بسرا ہیں جنہیں سلمان اکرم راجا مذاکرات کے لیے لائے تھے۔ ناراض امیدواروں نے وزیراعلیٰ کے سامنے شرائط رکھ دیں اور کہا کہ ہم کسی صورت کاغذات واپس نہیں لیں گے، جے یو آئی اور پیپلز پارٹی ایک ایک سینیٹ نشست چھوڑ دیں۔ ناراض امیدوار کا کہنا تھا کہ جے یو آئی کے دو امیدوار ایک ٹیکنو کریٹ ہیں اور ایک جنرل پر اور پیپلز پارٹی کے بھی دو امیدوار ہیں ایک جنرل پر اور ایک خواتین پر، یہ دونوں جماعتیں ایک ایک سیٹ سے دست بردار ہوجائیں۔ اطلاعات ہیں کہ مذاکرات کا دوسرا دور بھی آج ہی ہوگا۔

بقیہ 5

ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان دہشت گردی کے خلاف فرنٹ لائن ریاست رہا ہے، پاکستان نے اسی گیٹ بم دھماکے کے ماسٹر مائنڈ دہشت گرد شریف اللہ کی گرفتاری سمیت انسداد دہشت گردی کی کوششوں کے ذریعے عالمی امن کے حصول میں بھرپور کردار ادا کیا۔ اعلامیے میں مزید کہا گیا ہے کہ بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ متنازع مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں پیش آنے والے واقعہ کی تحقیقات ابھی تک بے نتیجہ ہیں۔ ترجمان وزارت خارجہ کے مطابق پاکستان میں کالعدم تنظیم لشکر طیبہ سے کسی بھی قسم کا تعلق زمینی حقائق کے منافی ہے، پاکستان نے مؤثر اور جامع طریقے سے کالعدم تنظیموں کے خلاف بھرپور ایکشن لیا اور ان کی اعلیٰ قیادت کو گرفتار کرکے اُن پر مقدمات چلائے اور تنظیمی ڈھانچوں کو ختم کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق زیر غور مسئلہ امریکا کے اپنے قوانین سے متعلق ہے، بھارت کے پاس پاکستان مخالف پروپیگنڈے کے لیے ایسی معاملات سے فائدہ اٹھانے کا ٹریک ریکارڈ موجود ہے، بھارت کشمیر سمیت دیگر علاقوں میں انسانی حقوق کیخلاف جاری مظالم، غیر ذمہ دارانہ اور بدمعاش رویے سے بین الاقوامی توجہ ہٹانا چاہتا ہے۔ اعلامیے میں مزید کہا گیا کہ پاکستان بے مثال قربانیوں اور افادیت کے ذریعے انسداد دہشت گردی کی حمایت جاری رکھے ہوئے ہے۔ دفتر خارجہ نے عالمی برادری پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ اجتماعی کوششوں کے ذریعے اس عالمی خطرے سے نمٹنے کے لیے معروضی اور غیر امتیازی پالیسیاں اپنائے، جس کے لیے ضروری ہے کہ مجید بریگیڈ جیسی دہشت گرد تنظیموں کو بھی کالعدم بی ایل اے کے اتحادی کے طور پر دیکھا جائے۔

بقیہ 6

حقائق بے نقاب کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ مون سون کے ابھی 4 سے 5 اسپیل آنے باقی ہیں اور اگلے برسوں سے مون سون سیزن نہ صرف جلد آیا کرے گا بلکہ اس کی شدت میں بھی اضافہ ہوگا۔ نجی ٹی وی کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں مصدق ملک نے کہا کہ مون سون میں شدت آتی جائے گی، پہلے مون سون کے 5 اسپیل آتے تھے جو اب بڑھ جائیں گے، ابھی مزید اسپیل آئیں گے۔ وفاقی وزیر نے صورت حال کی سنگینی سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ اہم بات یہ ہے کہ مون سون کے ابھی 4 سے 5 اسپیل آنے باقی ہیں اور آگے مون سون کی شدت میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مون سون کا پیٹرن بھی بدل رہا ہے، اگلے برسوں سے مون سون سیزن جلد آیا کرے گا، بارشوں کے راؤنڈ بھی بڑھتے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو کلاؤڈ برسٹ سندھ میں ہوا تھا وہ ابھی چکوال میں نہیں ہوا، سندھ میں جو کلاؤڈ برسٹ ہوا تھا اس سے تو بڑی تباہی آئی تھی، چکوال میں بارش اور گلیشئر سے آنے والے پانی کا معاملہ نہیں ہے، چکوال میں کلاؤڈ برسٹ کا معاملہ ہوا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ فوج اور این ڈی ایم اے والے بروقت امداد کیلئے پہنچ رہے ہیں، ہم نقصان کم سے کم ممکن بنانے کیلئے بہت کوششیں کررہے ہیں، پولیس والے بھی سیلاب کی وجہ سے شہید ہوئے۔ مصدق ملک نے تجویز دیتے ہوئے کہا کہ جہاں ہمارے گلیشئرز ہیں وہاں پیشگی وارننگ سسٹم لگانے کی ضرورت ہے، تاکہ وقت سے پہلے پتا چلے کہ کیا ہونے والا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم ایک گرین یونیورسٹی بنا رہے ہیں۔

بقیہ 7

کردیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس سردار سرفراز ڈوگر انتظامی کمیٹی کے سربراہ ہوں گے، جبکہ جسٹس ارباب محمد طاہر، جسٹس خادم حسین سومرو اور جسٹس اعظم خان ارکان ہوں گے۔ نوٹیفکیشن چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر کی منظوری سے رجسٹرار ہائیکورٹ نے جاری کیا ہے۔

بقیہ 8

دفاع کی پارلیمانی سیکرٹری زیب جعفر اور ماحول دوست کاروباری منصوبوں (گرین اسٹارٹ اپس) کے نمائندوں سے ملاقات کی، یہ اسٹارٹ اپس ملک میں صاف توانائی کے فروغ اور کاربن کریڈٹس کے شعبے میں فعال کردار ادا کررہے ہیں۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر نے کاربن کرافٹ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سے بھی ملاقات کی، جو ایک ماحولیاتی مشاورتی کمپنی ہے اور پاکستان کو نیٹ زیرو کاربن کے ہدف کی جانب گامزن کرنے کے لیے تکنیکی و مالیاتی رہنمائی فراہم کر رہی ہے۔ ملاقات کے دوران کاربن مارکیٹ میکانزم، موسمیاتی مالیات، اور پاکستان میں اس شعبے کے فروغ کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسی سلسلے میں وفاقی وزیر نے کاربن فلورا کے نمائندوں سے بھی گفتگو کی، جو ایک جدید سوچ پر مبنی گرین اسٹارٹ اپ ہے اور عام شہریوں کو کاربن کریڈٹس تک رسائی فراہم کرنے کے وژن پر کام کررہا ہے۔ اس منصوبے کا مقصد عوامی سطح پر کاربن آفسیٹ سے متعلق شعور بیدار کرنا اور ماحولیاتی ذمے داری کو فروغ دینا ہے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے نوجوانوں کی قیادت میں جاری ان تخلیقی اور مستقبل بین اقدامات کو سراہا اور پاکستان میں کاربن مارکیٹ کے قیام، صاف توانائی کی ترویج، اور ماحولیاتی کاروبار کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوان ماحولیاتی کاروباری افراد کو مکمل رہنمائی اور عملی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے تاکہ ملک میں پائیدار ترقی کو فروغ دیا جاسکے۔

بقیہ 9

کی تیاری کررہے ہیں، پی ٹی آئی 5 اگست کے احتجاج کی تیاری کرے پھر ہم بھی کرلیں گے۔ اسلام آبا میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ افغانستان برادر اسلامی ملک ہے، اس کے ساتھ کئی معاملات پر بات چیت چل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں کسی بھی غیر ملکی کو رہنے نہیں دیا جائے گا، جو غیر قانونی طور پر یہاں مقیم ہوان کے ساتھ رعایت نہیں ہوگی اور پاکستان میں غیر قانونی طور پر مقیم افغانوں کو کوئی توسیع نہیں دی جائے گی۔ محسن نقوی نے کہا کہ ایران نے دو ہفتوں میں 3 لاکھ افغانیوں کو ملک بدر کیا۔ انہوں نے کہا کہ موبائل اسلام آباد کا ایک انتہائی خوبصورت مقام تھا، موبائل والی جگہ پر بہت اچھی چیزیں ہونے جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں 133 غیر قانونی ہاسنگ سوسائٹیاں بن رہی ہیں، غیر قانونی ہاسنگ سوسائٹیوں کے خلاف بڑے آپریشن کی تیاری کررہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وزارت داخلہ میں مسلح اداروں کے معاملات چلانے کے لیے ایک افسر کی تعیناتی زیر غور ہے، یہ افسر حاضر سروس ہوگا یا ریٹائرڈ ابھی فیصلہ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ اردوان فلائی اوور کی ایک سڑک محکمہ سوئی گیس کی جانب سے کھدائی کے باعث خراب ہوئی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ اسلام آباد میں اسموگ کا خطرہ موجود ہے، اسلام آباد میں 3، 4 سال بعد اسموگ آسکتا ہے جس سے نمٹنے کے لیے کوشش کررہے ہیں، اسلام آباد میں گرین ایریا کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے کی کوشش کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کو ایس ایچ او سے کنٹرول کرنے کی بات اصطلاحا کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ایران-اسرائیل جنگ رکوانے میں وزیراعظم اور آرمی چیف نے کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹرمپ بھی پاکستان کی تعریف کررہے ہیں، چین بھی اور دیگر ممالک بھی، تو ہم کس کے ساتھ ہیں، جس پر ان کا کہنا تھا کہ ہم پاکستان کے ساتھ ہیں، یہ اچھی بات ہے کہ سب ہماری تعریف کررہے ہیں۔ پی ٹی آئی کے 5 اگست احتجاج سے نمٹنے بارے سوال پر وزیر داخلہ نے کہا کہ پہلے پی ٹی آئی والے تیاری کرلیں پھر ہم بھی کرلیں گے۔

بقیہ 10

میں اعلیٰ سطح کی ملاقاتوں کا ایک سلسلہ منعقد کیا جس کا مقصد پاکستان اور برطانیہ کے تجارتی اور سرمایہ کاری کے تعاون کو مزید مضبوط کرنا اور ترجیحی شعبوں میں ادارہ جاتی روابط کو فروغ دینا تھا۔ جمعہ کو یہاں جاری پریس ریلیز کے مطابق لندن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایل سی سی آئی) کے ساتھ ایک ملاقات میں وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ حال ہی میں شروع ہونے والا یو کے-پاکستان تجارتی مکالمہ دوطرفہ تجارت میں پیشکوئی، شفافیت اور کاروبار دوست پالیسیوں کے ایک نئے دور کے آغاز کے لئے تیار ہے۔ انہوں نے چیمبر کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ تعاون کو ادارہ جاتی شکل دینے اور مشترکہ مواقع کو کھولنے کیلئے پاکستانی چیمبرز اور تجارتی اداروں کے ساتھ سیکٹر کے حوالے سے مفاہمت کی یادداشت (ایم او یوز) کو تلاش کرے۔ جام کمال خان نے پاکستان کی بڑھتی ہوئی آئی ٹی برآمدات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ مالی سال 2023-24 میں 2.3 ارب امریکی ڈالر سے تجاوز کرگئیں۔ جام کمال نے ایل سی سی آئی کے اراکین کو پاکستان کے متحرک ٹیک ایکو سسٹم کے ساتھ مشغول ہونے کی دعوت دی جو اب فری لانس آئی ٹی پروفیشنلز کے لئے عالمی سطح پر دوسرے نمبر پر ہے۔

بقیہ 11

کیا، اس کی نظریاتی بنیادوں پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، فرخ کھوکھر کی جے یو آئی میں شمولیت خوش آئند ہے، ان کی شمولیت سے جماعت کا قافلہ مزید مضبوط ہوگا۔ سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے ڈیرہ تاجی کھوکھر پر شمولیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس اجتماع میں فرخ کھوکھر کی جے یو آئی میں شمولیت خوش آئند ہے، ان کی شمولیت سے جماعت کا قافلہ مزید مضبوط ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اسلامی جمہوری ریاست بنانے کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے آئین کو اسلامی بنانے کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کی، ختم نبوت کے معاملے پر سپریم کورٹ کو موقف بدلنے پر مجبور کیا، مولانا فضل الرحمان کہا کہ دنیا بھر میں مذہب کی توہین کی جارہی ہے، پاکستان میں مخصوص لابی مذہبی اقدار کو کمزور کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ وطن اسلام کے نام پر حاصل کیا، اس کی نظریاتی بنیادوں پر سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان میں آئین وقانون کی بالادستی چاہتے ہیں، مہنگائی نے عوام کا جینا محال کردیا ہے، معیشت کا دھڑن تختہ ہو چکا، ہمسایہ ممالک ترقی کررہے ہیں، پاکستان معاشی بحران میں ڈوبا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عام آدمی کی زندگی میں تبدیلی لائے بغیر بہتری ممکن نہیں، فرخ کھوکھر کے ڈیرے کا فیصلہ اسلام آباد و راولپنڈی کے سیاسی رجحان کا مظہر ہے۔ اس موقع پر فرخ کھوکھر نے مولانا فضل الرحمان کی موجودگی میں جمعیت علمائے اسلام میں شمولیت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کو اپنے ڈیرے آنے پر خوش آمدید کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میرا گھرانہ سیاسی ہے، میرے والد پیپلز پارٹی سے منسلک تھے۔ انہوں نے کہا کہ ختم نبوت کی تقریر سن کر میں مولانا فضل الرحمان سے متاثر ہوا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت سے جنگ کے دوران مولانا فضل الرحمان نے پاک فوج کا بھرپور ساتھ دیا۔

بقیہ 12

نچھاور کرکے فرض شناسی کی اعلیٰ مثال قائم کی۔ شہید کانسٹیبل حیدر علی کی عظیم قربانی کو سلام پیش کرتے ہیں۔ کانسٹیبل حیدر علی نے اپنی جان کی بازی لگا کر کئی لوگوں کی زندگیاں بچائیں۔ شہید کانسٹیبل حیدر علی قوم کا ہیرو ہے جس نے فرض پر آنچ نہیں آنے دی۔ کانسٹیبل حیدر علی نے بہادری کی شاندار نظیر قائم کی۔ کانسٹیبل حیدر علی کی لازوال قربانی کو قوم ہمیشہ یاد رکھے گی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہید کانسٹیبل حیدر علی کے لواحقین سے دلی ہمدردی واظہار تعزیت کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ شہید کانسٹیبل حیدر علی کے خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 13

بہادری اور فرض شناسی کی عظیم مثال قائم کی ہے۔ انہوں نے شہید کانسٹیبل کی عظیم قربانی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو حیدر علی جیسے دلیر اور باہمت سپوتوں پر بجا طور پر فخر ہے جنہوں نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر انسانی خدمت کی راہ میں اپنی جان قربان کی۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے شہید کانسٹیبل کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم اس غم کی گھڑی میں ان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ اسپیکر نے کہا کہ شہید حیدر علی کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور اُن کی بہادری آئندہ نسلوں کے لیے مشعلِ راہ رہے گی۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اللہ تعالیٰ سے شہید کے درجات کی بلندی اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمانے کی دعا کی۔

بقیہ 14

ہے کہ پرانے کاغذی ریکارڈ ابھی مکمل طور پر مرکزی ڈیجیٹل رجسٹری میں منتقل نہیں ہو سکے۔ وفاقی وزیر نے اعلان کیا کہ وزارت مذہبی امور نے زائرین کے تحفظ اور سہولت کے لیے ایک جدید آن لائن سسٹم متعارف کرادیا ہے۔ اس نظام کے تحت زائرین اور گروپ آرگنائزرز کو QR کوڈ والے ای-کارڈز جاری کیے جارہے ہیں، جن کے ذریعے ہر مسافر کی معلومات فوری طور پر اہلِ خانہ اور حکومتی اداروں کو دستیاب ہوں گی۔ انہوں نے بتایا کہ ایران، عراق اور شام کی حکومتوں کے ساتھ پاکستانی زائرین کی فہرستیں بروقت شیئر کی جارہی ہیں، جس سے کسی بھی قسم کی غلط فہمی یا پروپیگنڈے کی گنجائش ختم ہو جائے گی۔ سردار محمد یوسف نے تمام ٹور آپریٹرز اور زائرین سے اپیل کی کہ وہ 31 اگست 2025 تک اپنی تفصیلات وزارت کے آن لائن پورٹل پر درج کریں تاکہ کسی کا نام "نامکمل فہرست" میں شامل نہ رہے۔

بقیہ 15

شہید اہلکاروں کے اہل خانہ سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتی ہوں، دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے بہادر قوم کے حوصلے پست نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ پورا ملک دہشتگردی کے خلاف متحد اور پرعزم ہے، حملے میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ شیری رحمن نے کہا کہ حملے میں شہید اہلکاروں کی مغفرت اور زخمی جوانوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا گو ہوں۔

بقیہ 16

والوں کا ملک ہے اور پاکستان میں بہت سے مذاہب کے مقدسات ہیں، پاکستان کی حکومت کی کوشش ہے کہ پاکستان میں سیاحت اور سرمایہ کاری کیلئے آنے والوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرے۔ انٹرنیشنل ریلیجیس ٹورازم فورم اور انٹرنیشنل ریلیجیس ٹورازم کونسل باہمی تعاون سے پاکستان اور بیرون پاکستان مذہبی سیاحت کے فروغ کیلئے ہر ممکن تعاون کو بڑھائے گی۔ یہ بات چیئرمین پاکستان علماء کونسل اور سیکرٹری جنرل انٹرنیشنل تعظیم حرمین شریفین کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے انٹرنیشنل ریلیجیس ٹورازم فورم کے زیر اہتمام عالمی نمائش کے اختتام کے موقع پر آئے ہوئے مہمانوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ 24 ویں انٹرنیشنل ریلیجیس ٹورازم و عمرہ نمائش میں 33 سے زائد سیاحت سے منسلک عالمی اداروں سے شرکت کی۔ اس موقع پر امین اللہ طاہر، عبد الکریم الحسنی، مرزا احسان علی، چوہدری امتیاز، خالد عمر، غلام ربانی، ندیم ذکاء اور دیگر بھی موجود تھے۔ حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ ارض حرمین شریفین مسلمانوں کے ایمان اور عقیدے کا مرکز ہے۔ پاکستان سے لاکھوں حج اور عمرہ زائرین ہر سال سعودی عرب جاتے ہیں، سب پر لازم ہے کہ سعودی عرب کے قوانین کا احترام کریں اور جو نئی اصلاحات سعودی عرب میں لائی جارہی ہیں ان پر عمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی حکومت اور حج وعمرہ ٹورز اX پریٹرز کی کوشش ہے کہ وہ ویژن 2030 کیمطابق پاکستان سے سعودی عرب جانے والوں کی رہنمائی کرسکیں اور اس پر مکمل عمل کریں۔ حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ پاکستان میں سیاحت اور سرمایہ کاری کیلئے بہترین ماحول ہے اور حکومت نے ایس آئی ایف سی کا ادارہ قائم کرکے سرمایہ کاروں اور سیاحت کے میدان میں آنے والوں کیلئے ہر ممکن سہولت کا بندوبست کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل ریلیجیس ٹورازم فورم کے زیر اہتمام ہونے والی نمائش پاکستان اور پاکستان سے باہر مذہبی سیاحت کو فروغ دینے والوں کیلئے بہترین کوشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب اور دیگر اسلامی ممالک کے درمیان مذہبی سیاحت کے فروغ کیلئے انٹرنیشنل ریلیجیس ٹورازم کونسل ایک جامع پلان ترتیب دے رہی ہے اور انشاء اللہ حج وعمرہ اور زیارات کیلئے انٹرنیشنل ریلیجیس ٹورازم کونسل اپنا ہر ممکن کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 17

انسانی فطرت ہے، جج بھی غلطی کرسکتے ہیں، بدنیتی ثابت کرنا لازم ہے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کراچی کے جج ذاکر حسین نے سندھ ہائیکورٹ کے فیصلہ اور ریمارکس کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا، جسٹس محمد مظہر کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے کیس کی سماعت کی، 12 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کردیا گیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے ایڈمنسٹریٹو جج ذاکر حسین کے دو عدالتی احکامات سندھ ہائی کورٹ نے کالعدم قرار دیے تھے، ہائیکورٹ نے ملزم کو پولیس کی بجائے جوڈیشل کسٹڈی میں دینے اور جے آئی ٹی کے قیام پر اعتراض کیا، ہائی کورٹ نے والد کی جج کے چیمبر میں موجودگی کو بنیاد بنا کر بدنیتی بھی قرار دی۔ ہائیکورٹ نے انسداد دہشتگردی عدالت کراچی کے ایڈمنسٹریٹو جج سے انتظامی اختیارات واپس ل

City News

سٹی نیوز

کامسٹیک سیکرٹریٹ میں اسلامی ممالک میں صحت کے شعبے میں قیادت کے فروغ پر بین الاقوامی ورکشاپ کا انعقاد

چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت چیف کمشنر آفس اسلام آباد میں ایک اہم اجلاس

تاریخی لیاقت باغ کی تزئین و آرائش کے لئے خصوصی اقدامات

یہ باغ سیاسی جلسوں اور اجتماعات کے انعقاد کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی (پی ایچ اے) راولپنڈی کی جانب سے شہر کے تاریخی لیاقت باغ کی تزئین و آرائش اور سرسبز ماحول کو برقرار رکھنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں۔ ڈی جی پی ایچ اے احمد حسن رانجھا کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں لیاقت باغ کو عوام کے لیے ایک دلکش تفریحی مقام بنانے کے لیے پی ایچ اے متحرک ہے۔ باغ کی روزانہ بنیادوں پر دیکھ بھال اور پھولوں کی افزائش کا کام بھرپور انداز میں جاری ہے۔ لیاقت باغ نہ صرف راولپنڈی شہر کا مرکزی باغ ہے بلکہ یہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں بھی ایک اہم مقام رکھتا ہے۔ اس باغ کو پہلے "کمپنی باغ" (ایسٹ انڈیا کمپنی باغ) کے نام سے جانا جاتا تھا، لیکن 1951 میں وزیر اعظم لیاقت علی خان کی شہادت کے بعد اس کا نام "لیاقت نیشنل باغ" رکھ دیا گیا۔ یہ باغ سیاسی جلسوں اور اجتماعات کے انعقاد کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے جبکہ عام عوام بھی سیر و تفریح کے لیے یہاں کا رخ کرتے ہیں اور اس کے سرسبز و شاداب مناظر سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ ڈی جی پی ایچ اے احمد حسن رانجھا نے باغ کی تاریخی اہمیت اور عوامی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے صفائی، تزئین و آرائش اور دیکھ بھال کے لیے خصوصی اقدامات جاری کیے۔ باغ میں لگے سرسبز درخت، رنگ برنگے پھول اور ہریالی اس کی خوبصورتی میں مزید اضافہ کر رہے ہیں۔

وزیر اعظم کے معاونِ خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان کی زیرِ صدارت اجلاس

آئی جی اسلام آباد کا آپریشنل، انتظامی اور سیکیورٹی امور کا جائزہ

اجلاس کے دوران تمام افسران کو فورس کی کارکردگی میں بہتری کے احکامات جاری

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) آئی جی اسلام آباد نے سنٹرل پولیس آفس میں اجلاس کے دوران تمام افسران کو فورس کی کارکردگی میں بہتری اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے مربوط حکمت عملی پر مکمل عملدرآمد کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے اسلام آباد پولیس کی آپریشنل، انتظامی اور سیکیورٹی امور کا جائزہ لیا، اس سلسلے میں سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں اجلاس کا انعقاد ہوا، جس میں اے آئی جی آپریشنز محمد ارسلان شاہزیب، ایڈمن آفیسر سی پی او اور سیف سٹی اسلام آباد کے افسران موجود تھے۔ اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے اسلام آباد پولیس کے آپریشنل، انتظامی اور سیکیورٹی امور کا جائزہ لیا اور تمام افسران کو ہدایت دی کہ فورس کی کارکردگی میں بہتری اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مربوط حکمت عملی پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، انہوں نے مزید کہا کہ بدلتے ہوئے دور کے عین مطابق جدید تکنیک اور موجودہ وسائل کو بروئے کار لایا جائے تاکہ انفرادی کارکردگی کو مزید موثر بنایا جاسکے، انہوں نے افسران کو امن و امان کے قیام، نجی و سرکاری املاک کی حفاظت اور جرائم کے سدباب کے لئے موثر حکمت عملی اپنانے سمیت شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کے احکامات بھی جاری کئے، انہوں نے کہا کہ جدید تکنیک کے استعمال کو یقینی بناتے ہوئے شہریوں کو ہر فورم پر زیادہ سے زیادہ سہولیات مہیا کی جائیں۔

5 ملزمان گرفتار، 5 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پولیس نے 5 ملزمان گرفتار کر کی 5 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کی 1 کلو 800 گرام چرس برآمد کی، رتہ امرال پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 620 گرام چرس برآمد کی، گوجر خان پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کی 1 کلو 80 گرام چرس برآمد کی، پرود ہائی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 700 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لئے گئے۔

3 تھانوں میں لیڈی پولیس افسران ایڈیشنل ایس ایچ او تعینات

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پولیس کا اہم اقدام، 3 تھانوں میں لیڈی پولیس افسران ایڈیشنل ایس ایچ او تعینات کر دی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق راولپنڈی پولیس کا اہم اقدام، سی پی او سید خالد ہمدانی نے 3 تھانوں میں لیڈی پولیس افسران ایڈیشنل ایس ایچ او تعینات کر دیں، انسپکٹر فریسہ ناز کو ایڈیشنل ایس ایچ او تھانہ سٹی تعینات کیا گیا ہے، انسپکٹر سیدہ ماریہ بتول کو ایڈیشنل ایس ایچ او تھانہ چکلالہ تعینات کیا گیا ہے، انسپکٹر آمنہ شعیب کو ایڈیشنل ایس ایچ او تھانہ کینٹ تعینات کیا گیا ہے، لیڈی افسران کی تعیناتی وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویمن ایمپاورمنٹ ویژن کا حصہ ہے۔

امیدواروں کی بلا مقابلہ کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) الیکشن کمیشن نے خیبر پختونخوا سے خواتین اور غیر مسلموں کی دو نشستوں پر امیدواروں کی بلا مقابلہ کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ جمعہ کو الیکشن کمیشن سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق عوامی نیشنل پارٹی کی امیدوار شاہدہ وحید خواتین کیلئے مخصوص نشستوں پر بلا مقابلہ سینیٹر منتخب ہو گئی ہیں جبکہ جمعیت علماء اسلام (پاکستان) کے امیدوار گرپال سنگھ غیر مسلموں کیلئے مخصوص نشست پر بلا مقابلہ سینیٹر منتخب ہو گئے ہیں۔

طلباء کیلئے منشیات کے نقصانات اور روک تھام بارے لیکچر

شہری منشیات کے خاتمے کیلئے اسلام آباد پولیس کا ساتھ دیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اباسین یونیورسٹی اسلام آباد کیمپس کے طلباء کو منشیات کے نقصانات اور روک تھام کے حوالے سے خصوصی لیکچر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارلحکومت کو منشیات سے پاک کرنے اور نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے کے لئے خصوصی "نشہ نہیں تحریک" شروع کر رکھی ہے، اس سلسلے میں ایس ایچ او تھانہ شہزاد ٹاؤن اشفاق وڑائچ نے اباسین یونیورسٹی اسلام آباد کیمپس کے طلباء کو منشیات کے نقصانات اور روک تھام کے حوالے سے خصوصی آگاہی لیکچر دیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ نوجوان خاص کر طلباء کیلئے منشیات کا استعمال انکے صحت اور مستقبل دونوں کیلئے تباہ کن ہے، طلباء خود کو بھی اس ناسور سے بچائیں اور اپنے اردگرد کے افراد کو بھی منشیات جیسی لعنت سے بچانے میں اپنا اہم کردار ادا کریں، کیونکہ والدین اور اساتذہ کے تعاون سے نوجوانوں کو منشیات کی لعنت سے بچایا جاسکتا ہے، انہوں نے طلباء سے التماس کی ہے کہ وہ اپنے آس پاس منشیات کی کسی قسم کی سرگرمی کے بارے میں پولیس کو فوری اطلاع دیکر ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں، جب تک عوام کا تعاون حاصل نہیں ہوگا اس ناسور کا خاتمہ ممکن نہیں ہو سکے گا، انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے مشترکہ طور پر منشیات کی روک تھام کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں، جبکہ تعلیمی اداروں میں منشیات فروشوں کی گرفتاریوں کے لئے ٹیمیں بھی تشکیل دی گئی ہیں، اسلام آباد پولیس منشیات فروشی جیسے گناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہری منشیات کے خاتمے کیلئے اسلام آباد پولیس کا ساتھ دیں اور عزم کریں کے نشہ اب نہیں۔

فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 13ویں بیچ کا اختتام

نوجوان نسل پولیس ورکنگ اور سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 31ویں بیچ کا اختتام ہو گیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ دو ہفتے کے انٹرن شپ پروگرام میں سینئر پولیس افسران نے طلباء و طالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں پر لیکچرز دیئے۔ انٹرن شپ پروگرام کے تحت طلباء و طالبات کو پولیس اسٹیشن ورکنگ، پولیس خدمت مرکز، فرنٹ ڈیسک، مختلف پولیس اسپیس، ٹریفک پولیس، قانونی اور عدالتی کاروائی کے بارے میں آگاہی دی گئی۔ طلباء و طالبات کو سپیشل اینیشیٹو پولیس اسٹیشنز، پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز، کمانڈ اینڈ کنٹرول روم، ٹریفک ہیڈ کوارٹرز، پولیس خدمت مرکز لیاقت باغ اور لیگل برانچ کا بھی دورہ کروایا گیا تاکہ وہ عملی طور پر پولیسنگ سے آگاہی حاصل کر سکیں، انٹرن شپ پروگرام میں حصہ لینے والے طلباء و طالبات اور نوجوانوں کو پولیس آگاہی مہم میں شامل کیا جائے گا۔

تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی توقع

ملک کے دیگر علاقوں میں گرم اور حبس رہنے کا امکان ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران سندھ، جنوبی پنجاب، کشمیر، شمال مشرقی/جنوبی بلوچستان، بالائی خیبر پختونخوا میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی توقع ہے، اس دوران گلگت بلتستان اور شمال مشرقی پنجاب میں چند مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے، ملک کے دیگر علاقوں میں گرم اور حبس رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد، بالائی/وسطی پنجاب، کشمیر، گلگت بلتستان اور خضدار میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش جبکہ چند مقامات پر موسلا دھار بارش بھی ہوئی۔ ملک کے دیگر علاقوں میں موسم گرم اور مرطوب رہا۔ سب سے زیادہ بارش پنجاب: سرگودھا سٹی 40، چکوال 18، ساہیوال 12، سیالکوٹ سٹی 10، ٹی ٹی سنگھ 09، لاہور سٹی 07، قصور 04، حافظ آباد 03، اسلام آباد (سید پور، گولڑہ 02، زیرو پوائنٹ، ایئر پورٹ، بوکرا 01)، نارووال، شیخوپورہ، 01، راولپنڈی (کنٹاریاں، گوالمنڈی، کچہری، ٹھس آباد 01)، نور پور تھل اور بہاولنگر 01، کشمیر: کوٹلی 16، راولاکوٹ 06، گلگت بلتستان: بونجی 02، بلوچستان: خضدار میں 02 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ جمعہ کو ریکارڈ کئے گئے زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت: نوکنڈی 46، دالبندین 45، اور مونجودا ڑو میں 43 سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

لاہور: واحدت کالونی کے قریب مرکزی سڑک مون سون بارشوں کے باعث بیٹھ گئی۔

7 ملزمان گرفتار، شراب، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پولیس نے 7 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 7 ملزمان گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، گرفتار ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ کہوٹہ، گنجمنڈی، بیکیلا گوجر خان، مندرہ اور آرے بازار کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پی نے کہا کہ شراب اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

ویلفیئر فنڈ (WWF) کے تحت تعمیر کردہ بزنس سینٹر کا افتتاح کر دیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے اسلام آباد کے ایف-6 مرکز میں ورکرز ویلفیئر فنڈ (WWF) کے تحت تعمیر کردہ بزنس سینٹر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری WWF جناب ذوالفقار احمد نے منصوبے پر تفصیلی بریفنگ دی اور وفاقی وزیر کو خوش آمدید کہا وفاقی وزیر نے منصوبے کی بروقت تکمیل پر WWF کی ٹیم کو مبارکباد دی اور کہا کہ "یہ بزنس سینٹر عوامی فلاح اور ادارے کی خود کفالت کی جانب اہم قدم ہے۔" انہوں نے یقین دلایا کہ آمدنی کا استعمال مزدوروں اور ان کے اہل خانہ کی تعلیم، صحت اور رہائش پر کیا جائے گا۔ سیکرٹری WWF نے بتایا کہ منصوبہ شفاف انداز میں مکمل کیا گیا ہے اور صرف 11 ماہ میں لاگت پوری کر لے گا۔

آتش بازی کا سامان لے کر جانیوالا ملزم گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) نصیر آباد پولیس نے آتش بازی کا سامان لے کر جانے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان لے جانے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزم سی 12 عدد پٹاخے، 06 انار اور 06 ہوائیاں برآمد ہوئیں۔ ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی نے کہا کہ آتش بازی کے ذریعے شہریوں کی جان خطرے میں ڈالنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

ایس پی ڈولفن خالد محمود اعوان نے اردل روم کا انعقاد کیا

پولیس افسران کو درپیش محکمانہ، ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت حل کیلئے احکامات جاری

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ایس پی ڈولفن خالد محمود اعوان نے اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے احکامات جاری کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی ڈولفن خالد محمود اعوان نے ڈولفن پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں پولیس افسران نے شرکت کی، اردل روم میں پولیس افسران نے سرکاری اور ذاتی نوعیت کے مسائل ایس پی ڈولفن کے سامنے رکھے، حل طلب مسائل کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے گئے باقی مسائل کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ آپ کو کسی بھی قسم کا مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کا دروازہ آپ کے لئے ہمیشہ کھلا ہے، ہم سب نے مل کر اس شہر کی بہتری میں اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اردل روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کی ویلفیئر سمیت ذاتی و سرکاری مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے ساتھ ان کے مورال کو بلند کرنا ہے۔

سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لئے بڑے پیمانے پر ریسکیو آپریشنز کئے گئے

راولپنڈی میں 450 افراد کو ضلعی انتظامیہ نے محفوظ مقامات تک پہنچایا

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے پنجاب عرفان علی نے بتایا ہے کہ حالیہ بارشوں کے دوران پوٹھوہار ریجن میں سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے بڑے پیمانے پر ریسکیو آپریشنز کیے گئے، جن کے نتیجے میں ایک ہزار سے زائد شہریوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ چکوال، جہلم اور راولپنڈی میں شدید بارشوں اور کلاؤڈ برسٹ کے باعث ایمرجنسی نافذ کی گئی، جہاں ریسکیو آپریشنز میں ضلعی انتظامیہ کے ساتھ فوجی جوانوں نے بھی بھرپور حصہ لیا۔ جہلم میں 398 افراد کو ریسکیو کیا گیا، جن میں 174 کو ضلعی انتظامیہ، 64 کو فوجی اہلکاروں اور 160 شہریوں کو ہیلی کاپٹرز کے ذریعے محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا۔ چکوال میں کلاؤڈ برسٹ کے بعد 209 افراد سیلابی پانی میں پھنس گئے، جنہیں بحفاظت نکالا گیا، جن میں سے 27 شہریوں کو ہیلی کاپٹرز کے ذریعے ریسکیو کیا گیا۔ راولپنڈی میں 450 افراد کو ضلعی انتظامیہ نے محفوظ مقامات تک پہنچایا۔ عرفان علی نے خبردار کیا کہ مون سون بارشوں کا چوتھا سلسلہ 21 جولائی سے شروع ہونے جا رہا ہے، لہٰذا شہری احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

افسران، شہریوں کے مسائل سن کر کے حل کے احکامات جاری

اسلام آباد کا کوئی بھی شہری ان کھلی کچہریوں میں کھل کر اپنے مسائل بیان کر سکتا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران افسران اور شہریوں کے مسائل سن کر کے فوری حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم ہے، اس سلسلہ میں ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنے، انہوں نے افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہری اپنے مسائل کے حل کے لئے ××× آئی جی پی شکایت سیل 1715-××× پر بھی اپنی شکایات و مسائل درج کروا سکتے ہیں، اسلام آباد پولیس مختلف اقدامات کے ذریعے عام شہریوں تک پہنچ کر ان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے پرعزم ہے، انہوں نے مزید کہا کہ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے تمام سینئر پولیس افسران کو ضلع بھر میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے احکامات جاری کئے ہیں اور اس سلسلے میں تمام زونل ایس پیز اپنے زونز میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کر رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کا کوئی بھی شہری ان کھلی کچہریوں میں کھل کر اپنے مسائل بیان کر سکتا ہے، اسلام آباد پولیس کی اس عوامی رابطہ مہم کا مقصد شہریوں کے مسائل ان کے دہلیز پر حل کرنا ہے۔

سمری کی منظوری لیے بغیر پلاٹ الاٹ کرنے کیلئے احکامات جاری

اللہ رب العزت کا بے حد شکر ادا کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن تاریخی دن ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سی ڈی اے مزدور یونین (سی بی اے) کے اسلام آباد ہائیکورٹ میں دائر کیس نمبر 2479/2025 پر معزز جج جسٹس انعام امین منہاس نے سی ڈی اے انتظامیہ کو ملازمین کو کیبنٹ سے سمری کی منظوری لیے بغیر پلاٹ الاٹ کرنے کے لیے احکامات جاری کر دیے۔ واضح رہے کہ سی ڈی اے انتظامیہ 13 مارچ 2025 کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں سی ڈی اے ملازمین کو پلاٹ دینے کے لیے رضامندی کا اظہار کر چکی ہے تاہم سی ڈی اے نے موقف اختیار کیا تھا کہ سی ڈی اے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب کے فیصلے کے مطابق کیبنٹ سے منظوری کے بعد دینے کو تیار ہے جس پر سی ڈی اے مزدور یونین کے وکیل سید فہیم بخاری نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ کے جسٹس مولوی انوار الحق، سپریم کورٹ کے معزز جسٹس بھگوان داس اور جسٹس افتخار محمد چوہدری کے سی ڈی اے ملازمین کو پلاٹ دینے کے فیصلے موجود ہیں ان فیصلوں کی روشنی میں کیبنٹ سے منظوری لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ انھوں نے معزز عدالت سے استدعا کی کہ وہ سی ڈی اے کو احکامات جاری کریں کہ وہ ملازمین کو فی الفور پلاٹ دیں جس پر جسٹس انعام امین منہاس نے کیبنٹ سے منظوری لینے والے فیصلے کو ری کال کرتے ہوئے سی ڈی اے کو ہدایت جاری کی کہ وہ خود ملازمین کو پلاٹوں کی الاٹمنٹ جاری کرے اور کیس کو ستمبر کے پہلے ہفتے تک موخر کر دیا گیا۔ فیصلے سے ملازمین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور اس موقع پر سی ڈی اے مزدور یونین کے قائد چوہدری محمد یٰسین نے اللہ رب العزت کا بے حد شکر ادا کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن تاریخی دن ہے، آج کے فیصلے سے انشاء اللہ بہت جلد سی ڈی اے ملازمین کو بذریعہ قرعہ اندازی پلاٹ دیے جائیں گے۔

معاشی سرگرمیوں کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح ہے

عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی، فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) سیکرٹری پرائس کنٹرول اینڈ کموڈیٹیز مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ معاشی سرگرمیوں کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ کاروباری سہولت مراکز اسٹیک ہولڈرز کو اپنا کاروبار شروع کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کر سکتے ہیں۔ اس اقدام سے صوبہ پنجاب میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ وہ بزنس فیسلیٹیشن سنٹر کے دورہ کے موقع پر افسران سے خطاب کر رہے تھے۔ یہ دورہ وزیر اعلیٰ اور چیف سیکرٹری آفس کی ہدایت پر کیا گیا جو سیکرٹری انڈسٹریز، کامرس اینڈ انویسٹمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے پہنچائی گئی۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید بزنس فیسلیٹیشن سنٹر کا دورہ کرنے پر ان کے ہمراہ تھے۔ دونوں افسران نے عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی، فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا اور بزنس فیسلیٹیشن سنٹر میں دستیاب صارفین سے بات چیت بھی کی۔

وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق سے سوڈان کے سفیر کی ملاقات

تکنیکی مہارت اور سعودی سرمایہ کاری کو یکجا کر کے علاقائی غذائی تحفظ کو یقینی بنایا جاسکتا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین سے پاکستان میں تعینات سوڈان کے سفیر صالح محمد احمد محمد صدیق نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور سوڈان کے درمیان زرعی شعبہ میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے اس وژن کو اجاگر کیا جس کے تحت پاکستان بین الاقوامی زرعی شراکت داریوں کے ذریعہ غذائی تحفظ کو مضبوط بنانے، سرمایہ کاری کے مواقع بڑھانے کے لئے کوشاں ہے۔ ملاقات کے دوران رانا تنویر حسین نے پاکستان اور سوڈان کے درمیان گہرے ثقافتی، مذہبی اور تاریخی تعلقات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ رشتے زرعی تجارت، تعلیم اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں باہمی تعاون کو وسعت دینے کے لئے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے پاکستان کے تحقیقی اداروں اور فصلوں کی پیداوار، آبپاشی اور مویشیوں کی صحت سے متعلق تکنیکی مہارت کو سوڈان کی زرعی ترقی کی ضروریات کے لئے نہایت موزوں قرار دیا۔ سوڈانی سفیر نے وفاقی وزیر کو بتایا کہ سوڈان کی آبادی کا 98 فیصد سے زائد اسلام پر عمل پیرا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان خوشگوار تعلقات اور باہمی اعتماد موجود ہے۔ رانا تنویر حسین نے سوڈان کی موجودہ جغرافیائی و سیاسی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے ملک میں امن قائم رکھنے کی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ پاکستان انسانی اور ترقیاتی شعبوں میں پائیدار زرعی حل کے ذریعہ تعاون کے لئے تیار ہے۔

فیصل آباد: دو نوجوان موٹر سائیکل پر لاہور کولر لیکر منزل کی جانب رواں دواں ہیں

اسلام آباد: پارلیمانی سیکرٹری برائے وزارت انسانی حقوق صباء صادق انسانی حقوق کے حوالے سے اجلاس سے خطاب کر رہی ہیں۔

نایاب جنگلی پرندوں کا شکار کرنے والے 7 افراد گرفتار

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) محکمہ وائلڈ لائف پنجاب نے نایاب جنگلی پرندوں کا غیر قانونی شکار کرنیوالے 7 افراد کو گرفتار کر کے 2 لاکھ روپے سے زائد جرمانہ عائد کر دیا۔ ترجمان محکمہ وائلڈ لائف کے مطابق راولپنڈی ریجن میں پرندوں کے غیر قانونی شکار کے خلاف کارروائی کی گئی۔ مختلف اقسام کی چڑیوں، مینا اور دیگر نایاب جنگلی پرندوں کو تحویل میں لے کر قدرتی ماحول میں آزاد کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق پرندوں کے غیر قانونی شکار پر 7 ملزمان کو گرفتار کر کے 2 لاکھ روپے سے زائد جرمانہ عائد کر دیا گیا۔

ایس ایس پی آپریشنز کی سربراہی میں کھلی کچہری کا انعقاد

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز کاشف ذوالفقار کی سربراہی میں پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں جمعہ کو کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی آپریشنز نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ایس ایس پی آپریشنز کاشف ذوالفقار کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

مقدمات میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) وارث خان پولیس نے موٹر سائیکل چوری اور سٹریٹ کرائم کے مقدمات میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار کر کی 6 مسروقہ موٹر سائیکل، چھینی گئی رقم 8 ہزار روپے برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری اور سٹریٹ کرائم کے مقدمات میں ملوث 03 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگ سی 6 مسروقہ موٹر سائیکل، چھینی گئی رقم 08 ہزار روپے برآمد ہوئی۔ ایس پی راول محمد حسیب راجہ نے کہا کہ زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

عوام کو بہترین ایمرجنسی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، خواجہ سلمان رفیق

پنجاب ایمرجنسی سروس اور حکومتی ادارے عوامی خدمت میں 24 گھنٹے مصروف عمل

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) صوبائی وزیر محکمہ صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے پتریاٹہ میں ایمرجنسی دفتر کا دورہ کیا۔ انہوں نے علاقے میں فراہم کی جانے والی ایمرجنسی سروسز کا تفصیلی جائزہ لیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق عوام کو بہترین ایمرجنسی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ صوبائی وزیر نے ریسکیو اہلکاروں کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہمارے ریسکیورز اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر عوام کو فوری مدد فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے ایمرجنسی سروسز کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر صحت نے کہا کہ ڈاکٹر رضوان نصیر کی قیادت میں ریسکیو اہلکار بہترین انداز میں اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں، ایمرجنسی سروسز کی استعداد بڑھانے کے لیے مختلف جامعات کے ساتھ الحاق کیا جارہا ہے تاکہ یونیورسٹی سطح کے کورسز متعارف کروائے جاسکیں، مزید برآں، ٹریفک حادثات کے اعداد و شمار کی روشنی میں متعلقہ اداروں کے ساتھ روڈ سیفٹی کے موضوع پر مشترکہ اجلاسوں کا بھی انعقاد کیا جائے گا۔

اعتراف اور سماجی و معاشی سرپرستی کے لئے آرٹسٹ سپورٹ فنڈ کا اعلان

ہ آرٹسٹ سپورٹ فنڈ کی درخواستیں 11 اگست 2025 تک جمع کروائی جاسکتی ہیں

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) محکمہ اطلاعات و ثقافت حکومت پنجاب کی جانب سے فنکاروں کی خدمات کے اعتراف اور ان کی سماجی و معاشی سرپرستی کے لئے آرٹسٹ سپورٹ فنڈ 2025-26 کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں فلم، ٹی وی، ریڈیو، تھیٹر، میوزک، ڈانس، پینٹنگ، خطاطی مجسمہ سازی، تکنیکی شعبہ جات، ایڈیٹرز، ساؤنڈ ریکارڈرز، لائٹس مین، کیمرہ مین، اسٹنٹ مین اور میک اپ آرٹسٹ کے شعبوں سے تعلق رکھنے والے صوبہ بھر کے فنکاروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ یہ بات ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی محمد شکور